آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی

آئینہ قسمت ®

مئی ۲۰۱۲

سید انتظار حسین شاہ

بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت ®

آفاقی علوم کا علمبردار

جلد نمبر 65 | MAY 2012 | شمارہ نمبر 02

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

چیف ایڈیٹر
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

ایڈیٹر
شہزادہ سید مصور علی زنجانی

سب ایڈیٹر
شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

مینجنگ ایڈیٹر
شہزادہ سید محمد علی زنجانی

اعزازی ایڈیٹر
ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ















قیمت 60 روپے
سالانہ چندہ 650 روپے
لائف ممبرشپ 7500 روپے
لائف ممبرشپ 800 ڈالر
For 12 Years

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 6000 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 6000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 7000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8000 روپے

آئینہ قسمت کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II، لاہور
فون: 3587227، 042-3575227 فیکس: 042-35755253
موبائل: 0300-9483758

کراچی آفس کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی 74200
فون: 021-32217544

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا



حمد

زینت خانم زینت


اللہ کی حمد کو تیار ہوئے ہیں
دنیا کے سبھی کام سے بیزار ہوئے ہیں
رزاق ہے، ستار ہے، غفار تو ہی ہے
دنیا کے وسائل تو بے کار ہوئے ہیں
چڑیا ہو کہ طوطا ہو کہ ہو مور پپیہا
مخلوق سبھی حمد کو تیار ہوئے ہیں
رستے جو بھی دشوار کبھی ہم کو ملے ہیں
اللہ تیرے نام سے ہموار ہوئے ہیں
جو لوگ غلامی میں ذلت میں رہے تھے
قرآن کی دولت سے سردار ہوئے ہیں
اللہ کے بندوں کو عزت ہی ملی ہے
دشمن جو ہیں اللہ کے وہ خوار ہوئے ہیں
اللہ کی ہو حمد و ثناء تجھ سے بیاں کیا
زینتؔ یہ سبھی کاوشیں بے کار ہوئے ہیں



نعت

رشید ملنگی

مدینہ مدینہ مدینہ ہے کافی
یہی رب سے ملنے کا زینہ ہے کافی
مدینہ تو ہے رحمتوں کا خزینہ
ہمارے لیے یہ خزینہ ہے کافی
الٰہی مجھے بھی دِکھا دے مدینہ
وہاں چند لمحوں کا جینا ہے کافی
جو مل جائے نعلین رکھنے کا سر پہ
تو سر کے لیے یہ قرینہ ہے کافی
اگر وہ نگاہِ کرم سے پلا دیں
تو پھر زندگی بھر وہ پینا ہے کافی
تمنا ہے ہر دم کروں ذکرِ احمدؐ
یہی معرفت کا دفینہ ہے کافی
رشیدؔ ملنگی جو سچ پوچھیے تو
مہکنے کو اُن کا پسینہ ہے کافی



منقبت

محمد رمضان کمتی

تاریخ میں رقم ہے شہادت حسینؑ کی
ہر دِل میں بس رہی ہے عقیدت حسینؑ کی
گھر گھر میں اب ہے ذکر شہیدانِ کربلا
ہر روز بڑھ رہی ہے شہرت حسینؑ کی
محبوب دو جہاں کا ہے ابنِ علیؑ حبیب
ہے مصطفیؐ کے قلب میں اُلفت حسینؑ کی
سجدہ کناں حضور تھے اور پشت پر حسینؑ
آقا کے دِل سے پوچھیے چاہت حسینؑ کی
سب کو ہے علم، جگ کی زبان پر ہے اُس کا نام
جنت میں جا کے دیکھنا عزت حسینؑ کی
سارا جہاں ہے اُن کی شجاعت کا معترف
ہاں کربلا میں دیکھیے جراُت حسینؑ کی

کی اور شب ڈنر کا اصرار کیا۔ بمشکل ہماری معذرت قبول کی کہ ابھی ہمیں یہاں سے لانگ آئی لینڈ بھی جانا تھا، جو یہاں سے گھنٹہ کی ڈرائیو پر تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا آئیں میں آپ کو بلڈنگ کی سیر کراتی ہوں۔ وہ ہمیں 70 ویں منزل پر اوپر کشادہ ہال میں لے گئیں۔ یہاں سے نیویارک شہر کا خوبصورت نظارہ تب سورج بھی غروب ہونے والا تھا، سمندر میں آتے جاتے بحری جہاز فضا میں سحر انگیزی کا منظر پیش کر رہے تھے اور یہاں کے قدرتی مناظر کی کشش ہمیں ہجرت کرنے سے روک رہی تھی، مجبوراً اجازت کے بعد ہم لانگ آئی لینڈ روانہ ہوئے۔ یہاں میرے دیرینہ محسن و دوست ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی صاحب قیام فرما ہیں۔ انہیں میری آمد کا علم ہونے پر کئی دنوں سے محبت سے یاد کر رہے تھے۔ گھنٹہ بھر کی ڈرائیو کے بعد ہم لانگ آئی لینڈ پہنچ چکے تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے نہایت دیرینہ محبت و شفقت گرم جوشی سے استقبال کیا۔ پُرتکلف کھانا کھایا جو بھابھی صاحبہ اور والدہ صاحبہ نے انڈین سٹائل سے بنایا تھا۔ پاکستان کی تعمیر و ترقی کی باتیں ہوتی رہیں۔ امریکہ آ کر اندازہ ہوتا ہے کہ ہر پاکستانی محب وطن پاکستانی ہے اور ہر سانس کے ساتھ پاکستانیوں کے دل پاکستان کی مٹی کی خوشبو کے لیے دھڑکتے ہیں۔ تقریباً شب کے 11:30 بج چکے تھے۔ گفتگو کا سلسلہ مزید جاری رہ سکتا تھا۔ تاہم واپسی گھر پہنچنے کے لیے اجازت لینا ہی پڑی۔ اُدھر چوہدری صفدر کے بار بار فون آ رہے تھے کہ گھر کب واپس آ رہے ہیں۔ ایک فیملی آپ سے ملنے کے لیے منتظر ہے، گھر پہنچتے پہنچتے نصف شب ایک بج چکا تھا۔ تھکاوٹ اور نیند کا غلبہ بھی محسوس ہو رہا تھا۔ گھر پہنچتے ہی تھکاوٹ کے باوجود اخلاقاً اس فیملی کی بات توجہ سے سنی جو کافی عرصہ سے میرا انتظار کر رہی تھیں۔ فیض احمد صاحب نے صبح اپنے کام سے واپسی پر مجھے ناشتہ کے بعد ساتھ لے جانے کا وعدہ لیا۔ کچھ لوگ ان کے ہاں بھی مجھ سے ملنے کے خواہاں تھے۔ ان کے ہاں ویسے بھی میرے قیام کو جی چاہ رہا تھا کیونکہ میں جب بھی امریکہ نیویارک آتا ہوں تو فیض احمد صاحب کی عقیدت خلوص و محبت اور ان کی موجودگی میرے لیے کسی اپنائیت سے کم نہیں ہوتی جو بیرون ملک ملنا کسی نعمت سے کم نہیں۔ صبح میں ناشتہ کے بعد فیض احمد صاحب کے ساتھ اور بلال صاحب واپس نیویارک سے ہیوسٹن روانہ ہو گئے۔

بقیہ: کرشماتِ صوامت

ہ ا ا ح ر د و ر ن س و ص ل ط ا ع ی ک و ل د م ہ و ح ہ

ف ا ط ح ہ د م ر ا س و ص ہ ط و ع ا ک ل ل ع م ل و ی ہ

ا ا ل ح ع ذ ط ر ی س م ص

قارئین کرام! اسطر امتزاج میں تمام 168 حروف ہیں۔ اگر آپ اس کی تکسیر جفری کر سکتے ہیں تو ٹھیک ہے ورنہ ان کے اعداد قمری حاصل کر لیں جو کہ بالا حروف کے اعداد قمری 9382 بنتے ہیں۔ پھر 168 حروف کے 4/4 حروف لے کر الفاظ بنالیں جو کہ مثلث کے گرداگرد لکھیں۔

168 حروف کے 42 طلسم وجود میں آئیں گے۔ اب آپ حاصل جمع اعداد کے 3 عدد نقش مثلث خاکی چال سے لکھیں اور اس کے اطراف وجود میں آنے والے طلسمات درج کریں۔

مثالی مثلث


۷۸۶

۳۱۲۶	۳۱۳۲	۳۱۲۴
۳۱۲۵	۳۱۲۷	۳۱۳۰
۳۱۳۱	۳۱۲۳	۳۱۲۸

استعمال

اوپر دی گئی مثلث صرف مثالی ہے۔ آپ اسی طریقہ سے عمل تیار کر سکتے ہیں۔

اس طریقہ سے 3 عدد مثلث تیار کریں۔ نمبر 1 نقش مریضہ کے گلے میں ڈالیں۔ ایک مثلث مریض کے مکان میں وزن کے نیچے رکھیں۔ تیسرا نقش آبی چال سے لکھ کر ایک بڑی بوتل میں پانی تیار کریں اور نقش کو اس میں حل کریں۔ مریض روزانہ ایک گھونٹ مسلسل 14 دن پیے اور اپنے گھر کے تمام کمروں کے کونوں میں چھڑکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر وجادو اور جنات و آسیب کا خاتمہ ہوگا اور اگر مریض لاعلاج مرض میں مبتلا ہے تو فوراً صحت یاب ہوگا، شفاء کلی نصیب ہوگی۔



کرشماتِ صوامت

از تحریر: میاں جاوید اقبال، بدوملہی

حروفِ قمری میں سے ایسے حروف جن سے عقد و بندش اور عداوت و بغض کے اعمال تیار کیے جاتے ہیں، حروفِ صوامت کہلاتے ہیں۔ ان کو عام طور پر بے نکات حروف سے بھی پہچانا جاتا ہے۔ علمائے جفر اس کی تعداد تیرہ مانتے ہیں اور ان کو درج بالا اعمال میں سریع التاثیر مانتے ہیں اور ان کے اعمال موقع مناسبت کے لحاظ سے نحس ساعات میں تیار کرتے ہیں تاکہ یہ اپنا کام کے لحاظ سے سریع التاثیر واقع ہوں۔ اس کے لیے کام کے لحاظ سے ساعت کا تعین کیا جاتا ہے۔

لیکن انہی حروف کو دنیا میں روزانہ اربوں کی تعداد میں لکھا، پڑھا اور بولا جاتا ہے اور اگر ان کو خاص اہتمام اور خاص اعمال میں بطور روحانیت ان سے کام لیا جائے تو یہ اپنی بھرپور طاقت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ چند علمائے جفر نے ان اعمال کی تشریح بڑے ڈھکے چھپے انداز سے کی ہے۔ 2007ء میں جناب سید انتظار حسین شاہ زنجانی نے سالانہ جنتری اور ماہنامہ آئینہ قسمت میں بڑے اچھے طریقے سے اس پر غور و فکر کے لیے دوبارہ سے ایک آغاز کیا جو کہ آج تک نہ رُکا ہے۔ ان حروف کو تاثیر و خواص کے لحاظ سے مختلف اعمال میں مختلف انداز سے تجرباتی طور پر تصدیق کے بعد استعمال کیا جا رہا ہے۔

ان حروف کو اعمال میں استعمال کر کے ان کی تصدیق اور خاصیت جانچنے کے لیے کافی وقت اور مدت درکار ہوتی ہے۔ حرف اور حروف ایک حرف کی خاصیت اور طاقت کو جانچنے کے لیے صرف ایک دو زندگی ناکافی ہوتی ہے اور اس کے لیے ایک لمبا عرصہ درکار ہوتا ہے۔ جب کہ سابقہ دور میں علمائے جفر نے کچھ زیادہ تشریح نہ کی ہے۔ اگر ان کو اعمال میں استعمال بھی کیا گیا ہوگا تو خوفِ شر و فساد و جائز و ناجائز کام میں استعمال کی وجہ سے اس کو مخفی رکھا گیا ہوگا۔ یہی وجہ تھی کہ حروفِ صوامت کے اعمال کی اشاعت عام نہیں ملتی۔

پھر بھی میں نے کافی حد تک ان حروف پر ادنیٰ سا کام کرتے ہوئے کثیر تعداد میں کامیابیاں سمیٹی ہیں اور عقد و بغض اور عداوت اور امراض کے خاتمہ کے لیے بے شمار کامیاب اعمال تیار کیے جو کہ گاہے بگاہے آئینہ قسمت کی زینت بنتے رہے اور بنتے رہیں گے۔

علماء جفر کے اس پر وسیع اعمال نہ دینے میں بھی بہت بڑا راز پنہاں ہے۔ کیونکہ جہاں پر انسانیت کے لیے اس سے جائز کام لیے جاتے ہیں، وہاں اس سے ناجائز کام لینے سے معاشرہ میں فتنہ و فساد بھی پھیلتا ہے۔ لیکن یہاں سب سے اہم بات کام جائز ہو یا ناجائز! عمل کرنے والے پر ہر صورت میں اس کے اثرات آتے ہیں۔ اس کا تذکرہ جناب الیاس سلیمی صاحب مرحوم نے بھی اپنے ایک مضمون میں کیا ہے، جو آئینہ قسمت میں چھپ چکا ہے۔

لہٰذا اس کی زکات اور دورانِ اعمال تمام قواعد و ضوابط کو ملحوظ خاطر رکھا جائے تا کہ آپ صوامت کی رجعت سے محفوظ رہ سکیں۔ بہرحال کچھ افراد کے ذہن میں یہ بات ہے کہ ایک گرہن میں اس کے عامل ہو جائیں گے اور ہر قسم کی بندش کر لیا کریں گے۔ لیکن رزلٹ بے سود بلکہ حقیقت یہ ہے کہ بجائے خود عمل تیار کرنے کے لیے الٹا رجعت کا شکار ہو جاتے ہیں۔

قارئین کرام! حروفِ صوامت کی مکمل طاقت و تاثیر زیرِ قلم کرنے کے لیے طویل اور سخت ریاضت کی ضرورت ہے۔ تبھی انسان اس قابل ہوتا ہے کہ اس کے تمام اعمال عداوت و بغض اور عقد و بندش قابل تاثیر بنا سکے اور اس کے اعمال کارگر ثابت ہو کر مکمل طاقت اور تاثیر ظاہر کریں۔ اس کے لیے ساتھ میں مکمل قواعد و ضوابط اور تمام لوازماتِ عمل ساتھ ہونا اشد ضروری ہے، وگرنہ نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔

سال کے پہلے سورج گرہن کی ابتداء بوقت صبح 21 مئی 2 بجکر 34 منٹ 20 سیکنڈ پر ہوگی، جبکہ مکمل گرہن 21 مئی 4 بجکر 47 منٹ صفر سیکنڈ اور خاتمہ گرہن 21 مئی 6 بجکر 59 منٹ 39 سیکنڈ پر ہوگا۔

حروفِ صوامت جو کہ مختلف اعمال میں استعمال ہوتے ہیں اور اپنے اندر ایک بڑی مخفی قوت رکھتے ہیں اور تعداد میں تیرہ ہیں۔ مرکب حالت میں اس طرح پڑھے جاتے ہیں۔

احد۔ رسص۔ طعک۔ لموه

لیکن لکھنے کے لیے مرکب کے ساتھ ان کو انفرادی طور پر لکھنا بھی بہتر طریقہ ہے۔ یعنی ان کو علیحدہ علیحدہ یوں لکھا جاسکتا ہے۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ه

طریقہ زکات

قارئین کرام! اعمالِ صوامت کے لیے زکات ادا کرنے مختلف طرائق دیے جاتے ہیں۔ کوئی اس کی زکات 543 مرتبہ پڑھ کر اس خوش فہمی میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ وہ صوامت کا عامل بن گیا ہے۔ کوئی اس کی زکات کبیر مختلف تعداد میں لکھ اور پڑھ کر دے دیتا ہے، لیکن پھر بھی پیاس نہیں بجھتی۔ آج یہ فقیر ایک ایسا طریقہ زکات دے رہا ہے جس کو ادا کرنے کے بعد وہ خود بخود اس بات کی شہادت دے گا کہ وہ صوامت کا عمل تیار کرنے کے قابل ہوگیا ہے۔

قرآن پاک میں مکمل حروف جو کہ قمری کہلاتے ہیں۔ 323671 کی تعداد میں موجود ہیں اور ان میں سے حروفِ صوامت جو کہ 13 ہیں۔ مکمل قرآن پاک 160769 کی تعداد میں موجود ہے۔

پہلا طریقہ یہ ہے کہ آپ 13 حروف کی 13 گرہن میں زکات ادا کریں اور ہر گرہن میں 12367 مرتبہ لکھ کر یا پڑھ کر ادا کریں یا پھر مسلسل 13 گرہن ہر ایک حرف کی علیحدہ علیحدہ زکات ادا کریں۔ دونوں طرائق درست ہیں۔ حروفِ صوامت کی مکمل تعداد جو قرآن پاک میں موجود ہے اس کی تفصیل یوں ہے۔

شمار	حروفِ صوامت	تعداد	شمار	حروفِ صوامت	تعداد
1	ا	40792	8	ع	7499
2	ح	9997	9	ك	9522
3	د	10903	10	ل	26091
4	ر	11793	11	م	20560
5	س	5891	12	و	13700
6	ص	1274	13	ه	1907
7	ط	840	14	ٹوٹل تعداد:	160769

آپ ان حروف کو علیحدہ علیحدہ مسلسل 13 گرہن میں ادا کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ شاہ زنجانی یا محمد فقیر سے اجازت سے عمل کا آغاز کریں تاکہ بعد ازاں آپ خلقِ خدا کی خدمت کر سکنے کے قابل ہو سکیں۔

قارئین کرام! بعض عاملین کی طرف سے قرآن پاک کی سورۃ اخلاص کو حروفِ صوامت کے اعمال کا توڑ بناتے ہیں اور اس کی رجعت کے خاتمہ کے لیے بناتے ہیں۔ آج میں چند حروفِ صوامت کے اعمال بتا رہا ہوں جو کہ سورۃ اخلاص میں موجود نہیں ہیں۔ یہ حروف اپنے اندر بے پناہ طاقت اور خاصیت رکھتے ہیں اور صوامت میں اپنا ایک مقام رکھتے ہیں۔ ان حروف کی تفصیل درج ذیل ہے۔

غائب الحروف سورۃ الاخلاص

ایسے حروفِ صوامت جو کہ سورۃ اخلاص میں موجود نہیں ہیں۔ ان کی تعداد 4 ہے۔

ر۔ س۔ ط۔ ع

یہ چاروں حروفِ صوامت ترتیب کے لحاظ سے ساتھ ساتھ آتے ہیں۔ ان کی تفصیل اور استعمال یوں ہے۔

(1) را (ر)

حرف "را" کا تعلق قمری منزل نعائم سے ہے اور "ثالثہ" آب کا ہے۔ اس کی عدد رقمی 200 اور ملفوظی عدد 201 ہے۔ عددی قیمت 511 ہے، تینوں کا مجموعہ 912 ہے جس کی مثلث تیار کی جاتی ہے۔

جب برج عقرب 3 درجہ پر ہو تو کسی بھی پتھر پر 2 سو مرتبہ حرف "را" لکھ کر پانی میں

ڈال دیں، عداوت و دشمنی کے لیے کام دے گا اور ان دونوں اشخاص کے درمیان عداوت و دشمنی شدید ہوگی۔ ساتھ میں مرچ اور ہینگ کا بخور دیں۔ دفینہ کے معلوم کرنے کے لیے مشک و زعفران سے 3 سو مرتبہ "را" لکھ کر سفید مرغ کے گلے میں ڈال دیں اور اس کو خزانہ کی جگہ پر چھوڑ دیں، جس جگہ خزانہ ہوگا، مرغ وہاں پر چونچ مارے گا یا اذان دے گا۔

مرد کی شہوت باندھنے کے لیے جب برج جدی 14 درجہ پر طلوع ہو تو اس مرد کے کسی استعمال شدہ کپڑے پر 14 مرتبہ حرف "را" لکھے اور ساتھ گوگل اور کافور کا بخور دیں، اس پر مٹی لپیٹ کر کسی ویران کنوئیں میں دفن کریں۔ جو خشک ہو چکا ہو ایسی بندش ہوگی کہ کھلنے سے بھی نہ کھلے گی۔

حل المشکلات کے لیے 7 سو مرتبہ مشک و زعفران سے لکھ کر خوشبو سے معطر کر کے اپنے پاس رکھیں۔ بڑی سے بڑی مشکل یوں آسان ہوگی جیسے وہ مشکل تھی ہی نہیں۔ عزت و شہرت اور بلند مرتبہ کے لیے درج بالا طریقہ سے 500 مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھئے۔

حفاظت حمل اور خلاصی قید اور ولادت میں آسانی کے لیے "را" کا نقش مثلث لکھ کر پاس رکھیں۔ ولادت میں آسانی کے لیے حاملہ اس کو اپنے پیٹ پر باندھے اور اولادِ نرینہ کے لیے گلے میں باندھیں اور زچگی کے وقت حاملہ کے پیٹ پر باندھیں۔

۷۸۶

۳۰۳	۳۰۸	۳۰۱
۳۰۲	۳۰۴	۳۰۶
۳۰۷	۳۰۰	۳۰۵

(2) سین (س)

حرف "س" کا تعلق قمری منزل غفرا سے ہے اور ثانیہ "ھوا" کا ہے۔ اس کی قیمت رقمی 60 اور قیمت ملفوظی 120 اور عددی قیمت 530 ہے۔ ان تینوں کا مجموعہ 710 ہے۔ اس سے مثلث نقش حرف سین تیار ہوگا۔

جب برج جوزا کا درجہ اول طلوع ہو تو نام مطلوب کا بیضہ مرغ پر لکھ کر 60 س کا دائرہ دیں اور لوبان کا بخور دے کر زمین میں دفن کریں، زبان بندی کے لیے انتہائی موثر ہے۔

برائے رفع لکنت زبان 60 مرتبہ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ بیمار کی شفا کے لیے 60 مرتبہ حرف "س" چینی کی پلیٹ پر مشک و زعفران سے لکھ کر پلائیں، انشاء اللہ چند دنوں میں شفاء کلی ہوگی۔ تسخیر خلق اور جب قلب کے لیے حرف "س" کی مثلث انتہائی موثر ہے اور سریع التاثیر ہے۔

حرف "س" کی مثلث نہایت سریع التاثیر ہے۔ اس سے لوگ جوق در جوق کھنچے چلے آتے بلکہ تمام مخلوق رجوع کرتی ہے اور اہل نقش بڑا محترم اور ہر دل عزیز ہو جاتا ہے۔

۷۸۶

۲۳۶	۲۴۱	۲۳۳
۲۳۴	۲۳۷	۲۳۹
۲۴۰	۲۳۲	۲۳۸

(3) طا (ط)

حرف طا کا تعلق قمری منزل "طرفہ" سے ہے اور طا کا دقیقہ آتش ہے۔ رقمی عدد 9 ہے اور ملفوظی عدد 10 ہے اور عددی قیمت 535 ہے۔ ان تمام کا مجموعہ 554 ہے۔ جس سے مثلث تیار ہوگی۔ ہر قسم کے احضار کے لیے، جذب کے لیے خواہ وہ روحانیات عالم ہو یا انسان کا یا کسی دنیاوی چیز کو حاضر کرنا مقصود ہو، خواہ وہ ہزاروں میل دور ہو خاص عمل تیار کر کے اس کو حاضر کیا جا سکتا ہے۔ بلکہ چوری کیا ہوا مال یا وہ شخص جو غائب ہو اس کو حاضر کرنے کے لیے انتہائی موثر ہے۔

اس کے علاوہ یہ عداوت و جدائی کے اعمال میں بھی بے پناہ اثر رکھتا ہے۔ جب برج عقرب 9 درجہ پر ہو تو 19 مرتبہ حرف طا لکھ کر اور ان کے نام جن میں جدائی کرانا مقصود ہو کسی کنوئیں میں ڈال دیں تو دونوں کے درمیان جدائی واقع ہوگی اور اگر 1002 مرتبہ مشک و زعفران سے لکھ کر اور ساتھ طالب و مطلوب مع والدہ لکھ کر مطلوب کو

پلا دیں تو وہ محبت والفت کرنے لگیں گے اور اگر کسی کو عشق کا بخار ہو گیا ہو تو وہ 909 مرتبہ حرف طاء لکھ کر اس کو پلا دیں تو اس کے عشق کا بھوت اُتر جائے گا اور عشق ومحبت کا جذبہ سرد ہو جائے گا۔

۷۸۶

۱۸۴	۱۸۹	۱۸۱
۱۸۲	۱۸۵	۱۸۷
۱۸۸	۱۸۰	۱۸۶

(4) عین (ع)

حرف "عین" قمری منزل "زبانہ" سے تعلق رکھتا ہے۔ ثانیہ پانی یعنی آب ہے۔ رقمی عدد 70 ہے اور ملفوظی عدد 130 ہے اور عددی قیمت 192 ہے اور مجموعہ 392 ہے۔ اور مثلث اس کی یوں بنے گی۔

محبت والفت کے لیے جب برج اسد 2 درجہ طلوع ہو تو لوح مسی پر، حرف "ع" 4 مرتبہ لکھ کر آگ میں دفن کرے اور ساتھ بخور لازمی دے تو مطلوب محبت والفت سے پیش آئے گا اور اگر حرف "ع" 700 مرتبہ مشک وزعفران سے لکھ کر معشوق کو پلا دیا جائے تو مطلوب ومعشوق خود طالب وعاشق بن جاتا ہے۔

۷۸۶

۱۳۰	۱۳۵	۱۲۷
۱۲۸	۱۳۱	۱۳۳
۱۳۴	۱۲۶	۱۳۲

نوٹ: اگلے گرہن میں مکمل 13 حروف صوامت کے نقش اور ان کی خاصیت اور اہمیت پر تفصیل سے لکھوں گا۔

قارئین کرام! سال 2012ء کے گرہن 4 مواقع مہیا کر رہا ہے کہ آپ زکات ادا کریں اور صوامت کے اعمال تیار کر سکیں۔ اگلے شمارہ میں تمام حروف صوامت کے علیحدہ علیحدہ نقوش اور اعمال دیے جائیں گے کسی ایک کو بھی ہر گرہن میں علیحدہ حرف اور نقش کی زکوٰۃ ادا کی جاسکتی ہے۔ جس سے یہ نقش آپ کے لیے نہایت کارآمد بن جائیں گے۔

اس کے علاوہ آپ اس موقع پر عقد اللسان، عقد النوم، عقد الزنا، عقد الامراض، عقد القدم جیسے اعمال تیار کر سکتے ہیں۔

آج آپ اس موقع پر وہ عمل تیار کریں جو کہ کبھی کسی نے صوامت سے کرنے کا سوچا بھی نہیں۔ یعنی خاتمہ سحر وآسیب وجنات یا پھر آپ نحوست سیارگان کا اضافہ کر کے اس میں اضافہ بھی کر سکتے ہیں۔ سب سے پہلے مقصد کی سطر بنائیں، جو کہ اس طرح ہوگی۔

عمل برائے خاتمہ سحر وجادو اور آسیب

سطر مقصد

یا دافع البلاء والسحر گلشن رمضان بنت صابرہ بحق برب العٰلمین رب موسٰی و ہارون۔ ولایودہ حفظہما وھو العلی العظیم۔

سب سے پہلے سطر مقصد کی بسط حرفی کریں۔

بسط حرفی: ی ا د ا ف ع ا ل ب ل ا و ا ل س ح ر گ ل ش ن ر م ض ا ن ص ا
ب ر ہ ب ح ق ب ر ب ا ل ع ل ا م ی ن ر ب م و س ی و ھ ا ر و ن و
ل ا ی و د ھ ح ف ظ ھ م ا و ھ و ا ل ع ل ی ا ل ع ظ ی م

حروفِ صوامت: ا ھ د ر س ص ط ع ک ل م و ھ

سطر امتزاج

ی ا ا ح د د ا ر ف س ع ص ا ط ل ع ب س ل ل ا م و و ا ہ
ل ا س ح ح د ر ر گ س ل ص ش ط ن ع ر ك م ر ل ض م ا و ن ہ
ص ا ا ح ب د ر ر ہ س ب ص ح ط ق ع ب ك ر ل ب م ا و ل ہ
ع ا ل ح ا د م ر ی س ن ص ر ط ب ع م ك و ل س م ی و و ہ

بقیہ صفحہ نمبر 11 پر



از تحریر: سید صفدر حسین نقوی، میاں چنوں

حروفِ صوامت کی روح سورۃ النساء

توفیق کسب علم روحانی خصوصاً قرآن کریم کے مطالعہ کے صلہ میں حروفِ صوامت جیسے گہرے اور پُر تاثیر موضوع پر حکمت کے موتیوں کے عطا کرنے پر مدینۃ العلمؐ، باب العلمؑ وکل معصومینؑ کی خدمت میں ہدیہ درود وسلام کا نظرانہ پیش کرنے کے بعد اس ستم ظریفی کی طرف توجہ دلانا ضروری سمجھوں گا کہ مسلمانوں نے کتاب کو حاصل کرلیا اور کتاب سمجھانے والوں اور دینے والوں کی طرف سے اس انتہا تک بے رخی اختیار کی کہ قرآن کریم کا نوحہ قیامت میں سامنے لایا جائے گا کہ اُمت نے مجھ سے فیض اُٹھانے کے بجائے طاق کی زینت بنا کر اپنی ذات کو دھوکہ میں رکھے رکھا۔ یعنی نہ منشاء الٰہی کے مطابق سمجھنے کی کوشش کی اور نہ احکام پرعمل کرنے کی کاوش کی۔

اس مختصر تمہید کے بعد یہ بیان کرتا ہوں کہ حروفِ تہجی جن کی بنیاد 28 حروف پر مبنی ہے۔ یہی حروف لسانِ خالق کی شان ہیں۔ پوری کائنات کا ظاہری علم انہی 28 حروف میں محیط ہے۔ حروفِ نورانی یا صوامت معصومینؑ کے فرمودات کی روشنی میں سفر کرتے ہوئے علمائے جفر کی وساطت سے آج تک زندہ ہیں اور قیامت تک زندہ رہیں گے۔ صوامت کا مطلب خاموش اور چپ رہنا لیا گیا ہے۔ اسی رعایت سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے علماء روحانیات نے پورے کے پورے ایک مکتب کی بنیاد اس کو قرار دیا اور بنی نوعِ انسانی کی فلاح کے لیے اس کے استعمال کے طریقے وضع کیے اور اصول وقواعد ظاہر فرمائے۔ قرآن کریم کی 2 سورتوں میں مکمل حروفِ ابجد مخفی ہیں۔ اسی طرح تقریباً 90 آیات قرآنی نے اپنے بطن میں حروفِ صوامت کو سمو رکھا ہے، جن کی تفصیل انشاء اللہ تنویر عصری صاحب کی کتاب "تنویر الصوامت" میں پیش کرنے کی کوشش کروں گا۔ فی الوقت میرا موضوع قرآن کریم کی سورۃ النساء ہے جس کا مرتبہ ترتیب قرآن میں چوتھے نمبر پر ہے اور سوئے اتفاق یہ کہ چوتھے پارے سے ہی ابتداء ہے اور حروفِ صوامت جن کی تعداد (3 + 1) = 4 ہی بنتی ہے۔ اس سورۃ میں تیرہ ہی مرتبہ حروفِ صوامت کی تکرار مختلف آیات میں ہوئی ہے۔ یعنی آیات 43 اور 47 میں یہ حروف 2 مرتبہ دہرائے گئے ہیں جبکہ 4، 25، 46، 69، 90، 92، 102، 129 اور 160 میں ایک ایک مرتبہ۔ یعنی حروفِ صوامت 13 کو سورۃ النساء میں 13 مرتبہ استعمال ہونے کو اعدادِ قمری صوامت جو کہ 543 بنتے ہیں، ضرب دی جائے تو اس کی مخفی قوت یعنی 13x13x543 = 91767 بنتی ہے، جس کا مفرد 3 آتا ہے اور اسم ذات "اللہ" کے اعداد 66 کو مفرد کیا جائے تو بھی 3 ہی حاصل ہوتا ہے۔ اس طرح حروفِ صوامت کی مخفی قوت اللہ تعالیٰ کے اسم "احد" 13=4 میں نہ صرف اعداد کے اعتبار سے بلکہ حروف ا ح د۔ میں عجیب مماثلت مخفی رموز کی طرف مرکوز کروا رہی ہے، فکر کی دعوت عام ہے۔

حروفِ صوامت کی زکوٰۃ عملیات کے نقوش اور استعمال کے طریقے تو سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب کے ماہنامہ آئینہ قسمت کے توسط سے مسلسل شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس گھرانے کی خدمات کو قبول فرماتے ہوئے مزید توفیقات میں اضافہ فرمائے۔ آمین

میں تو صرف اتنی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ ناممکنات بندشوں، رجعتوں سے نجات کے لیے سورۃ النساء کو 4 مرتبہ ایک وقت مقرر کر کے 13 دن، 26 دن، 39 دن مسلسل پڑھنا عادت بنا لیا جائے تو عجیب وغریب انداز میں اس کے فوائد سے لطف اندوز ہوں گے اور رکاوٹوں سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

خصوصاً سورج گرہن یا چاند گرہن یا قمر در عقرب میں جب کہ چاند اچھی نظرات کا حامل ہو تو مقاصد کو حاصل کرنا مزید سہل ہو جاتا ہے۔



از تحریر: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

سورج گرہن کے اعمال

شمسی و قمری گرہن جو کہ نحس ترین اوقات ہیں۔ ان اوقات میں آپ جس عمل کی زکات دینا چاہیں وہ ایک سال تک آپ کو کام دے گی کیونکہ ان کیلئے کسی چلہ کی ضرورت نہ ہے۔

سورج گرہن: سورج گرہن 21 مئی برج جوزا صفر درجہ 21 دقیقہ پر لگے گا۔ اس کی ابتداء صبح 21 مئی 2 بجکر 34 منٹ 20 سیکنڈ پر ہوگی۔ مکمل گرہن 21 مئی 4 بجکر 47 منٹ صفر سیکنڈ، خاتمہ گرہن 21 مئی 6 بجکر 59 منٹ 39 سیکنڈ پر ہوگا۔ یہ گرہن امریکہ کی ریاست Texas کے شہر Abell City سے شروع ہو کر امریکہ اور ایشیاء کے درمیان گہرے سمندروں سے گزرتے ہوئے چائنا کے مشہور شہر ہانگ کانگ کے قریبی علاقہ میں ختم ہوگا۔ لاس اینجلس، سان فرانسسکو، اوکلوہاما اور ہانگ کانگ کے قریبی علاقوں میں اور ان سمندری حدوں میں سفر کرنے والے اس کا مشاہدہ کر سکیں گے۔

ان اوقات میں آپ حروف صوامت کی زکوٰۃ ادا کر سکتے ہیں جو کہ ایک سال تک آپ کو کام دے گی۔ اس کی زکات ادا کرنے کا طریقہ اول یہ ہے کہ 543 مرتبہ ان حروف کو لکھ کر کسی قبرستان میں دفن کر دیا جائے۔ طریقہ دوم ان حروف کو ''احد رس طعک لموہ'' کو 543 مرتبہ پڑھ لیا جائے تب بھی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بہتر طریقہ اول ہی ہے۔ آج ہم حروف صوامت سے بندش کا کام لیں گے یعنی عقد الامراض، مختلف امراض کی بندش کرینگے اس کیلئے کلمہ طیبہ کی روحانیت سے کام لیں گے۔ کلمہ طیبہ ویسے بھی مختلف امراض، حب، دفع سحر کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بسط حرفی: ل اال ہال اال ل ہ م ح م د ر س ص و ل ال ل ہ

کلمہ طیبہ چوبیس حروف اور 7 الفاظ پر مشتمل ہے۔ چوبیس حروف بھی حروف صوامت میں سے ہیں۔ اعداد ۶۱۹ بنتے ہیں ان کا مفرد بھی ۷ آتا ہے۔

تلخیص: ا ح د ر س ل م و ہ

یہ ۹ حروف کلمہ شریف کی تلخیص ہیں اعداد ۳۵۴ بنتے ہیں۔

طلسم: ہومل۔ سردحا

عمل نمبر 1: عین گرہن کے وقت ان الفاظ کو جو طلسمی ہیں ان کو 354 مرتبہ لکھ کر کسی قبرستان میں دفن کیا جائے اور ساتھ میں 354 مرتبہ پڑھ کر عمل کو مکمل کیا جائے۔


۷۸۶

ح	م	ل
ہ	س	ا
ر	د	و

احد رس ل م و ہ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

درج بالا نقش کو جملہ امراض آپ ایک نقش گلے میں پہننے کیلئے دیں انشاء اللہ ایک دو دن میں مرض کا خاتمہ ہوگا۔ آپ 19 مرتبہ "بسم اللہ الرحمن الرحیم ہومل سردحا" کا دم بھی کر سکتے ہیں۔


عمل نمبر 2: گرہن سے قبل 2 رکعت نماز ادا کریں۔ اس کے بعد عین گرہن کے وقت 619 مرتبہ کلمہ طیبہ "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کا ورد کریں۔ بعد ازاں 2 رکعت نماز ادا کریں۔



یہ نقش آپ تمام جلدی امراض درد دردِ شدید میں لکھ کر دیں تا کہ گلے میں ڈالا جا سکے۔ دوسرا نقش تیل میں ڈال کر متاثرہ حصوں پر لگانے سے جسم درد اور جلدی امراض کا فوراً خاتمہ ہوگا۔ خیال رہے کہ تیل زمین پر نہ گرنے پائے اور تیل پاؤں کے نچلی جانب نہ لگنے پائے۔

تمام امراض کیلئے آپ درج ذیل نقش پہننے کے لئے دے سکتے ہیں۔ اس سے 21 دنوں میں موذی سے موذی مرض بھی جاتا رہے گا اور سحر و آسیب کا خاتمہ ہوگا حتیٰ کہ سحر و آسیب والی جگہ 3 دن پانی میں حل کر کے کمرے کے کونوں میں چھڑکنے سے سحر و جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش مثلث آبی چال یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم



اح درس ل م وھ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

یہ اعمال انتہائی مجرب اور سریع التاثیر ہیں۔ ان کو کرنے کیلئے یہ صرف ان کے مثبت اقدام ہیں لہٰذا بغیر اجازت اسے ہرگز نہ کریں اس کی اجازت حضرت شاہ زنجانی یا پھر کسی روحانی سلسلے کے بزرگ سے لے لیں کیونکہ ان اعمال سے منفی پہلو پر بھی کام لیا جا سکتا ہے۔ اس لئے اجازت عام نہیں ہے۔

برائے اجازت: 10 کلو باجرہ 2 کلو چاول کا ٹوٹا ملا کر پرندوں کی عمل سے قبل دعوت کر دیں تو عامل شاہ زنجانی کی طرف سے آپ کو اس عمل کی اجازت ہے۔

بلکہ عقود کے علاوہ آپ ان کو بیماری کے خاتمہ، اعلیٰ مرتبت، ترقی رزق اور حُب کے لیے بھی استعمال کریں تو مجرب ہیں۔

قارئین کرام! ایسے حضرات جو علم الجفر سے تھوڑا بہت لگاؤ اور شفقت رکھتے ہیں یا اہل رسائی لوگ بخوبی آگاہ ہیں کہ حروف صوامت کی تعداد تیرہ ملے اور یہ حروف بے نقاط ہیں جو کہ ان حروف کی سب سے بڑی خوبی اور خاصیت ہے جو کہ درج ذیل ہیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ھ

ان حروف کی قمری اعداد کی تعداد 13 ہے ان کو تکسیر اور امتیزاج سے ہر قسم کے عقد کے لیے استعمال کیا جاتا رہا ہے جب کہ ان حروف کی خاصیت میں تیزی پن اولین ہے جس کی وجہ ان حروف کو عقد اللسان، عقد النوم، عقد الزنا عقد القدم، عقد النکاح، جیسے اعمال میں اس کا بے دریغ استعمال کیا جاتا رہا ہے یہ بات تو طے ہے کہ ان حرف میں کوئی ایک حرف ایسا ہے جو کہ اُس حرف جیسی خاصیت ضرور رکھتا ہے جس کی وجہ سے حضرت سلیمان کے دربار میں تخت کو حاضر کر دیا گیا تھا اب اس کی تلاش جستجو ایسے ہی ہے جیسا کہ جوئے شیر لانا۔

سب سے پہلے اُس حرف کی تلاش پھر اُس کی ریافت بعد میں تجربہ کی کسوٹی پر پرکھو۔

قدرت مہربان ہو تو فوراً بھی تلاش کا حل نکل سکتا ہے و گرنہ ان تیرہ حروف میں سے اُس حرف کی تلاش کے لیے انسان کی یہ عمر بہت ہی کم ہے خیر یہ مسئلہ آئندہ حروف صوامت کے مضمون میں کریں گے فی الحال ان تیرہ حروف کی پہچان سب سیارگان کے حوالہ سے اس طرح ہے۔

کواکب	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
حروف	اد	ھوح	طی ک ل	م س ع	ص ر	×	×

حروف صوامت عمل حُب تیار کرنے کے لیے اس جدول کی ضرورت ہے۔

طریقہ عمل: نام طالب و مطلوب بمعہ والدہ اور اسم الٰہیہ یا ودود کو ایک سطر میں لکھیں اس طرح کہ طالب یا ودود مطلوب پھر اس کو ملفوظی کر کے بسط حرفی کریں۔ بسط حرفی کر کے اس میں سے حروف صوامت کو علیحدہ اسی ترتیب سے کریں پھر اس حروف کی سطر کو تکسیر جفری کریں۔

مثال: جرار بن شہناز ودود ماہ نور بنت نور جہاں

حروف ملفوظی: جیم۔را۔الف۔را۔شین۔ہا۔نون۔الف۔زا۔واؤ۔دال۔واؤ۔دال۔میم۔الف۔ہا۔نون۔واؤ۔را۔نون۔واؤ۔را۔جیم۔ہا۔الف۔نون

بسط حرفی: ح ی م ر ا ا ل ف ر ا ش ی ن ہ ا ن و ن ا ل ف ز ا و ا ؤ د ا ل و ا ؤ د ا ل م ی م ا ل ف ہ ا ن و ن و ا ؤ ر ا ن و ن و ا ؤ ر ا ج ی م ہ ا ا ل ف ن و ن۔

تلخیص حروف صوامت:

م ر ا ا ل ر ا ہ ا و ا ل ا و ا ؤ د ا ل و ا ؤ د ا ل م م ا ل ہ

ا و و ا و ر ا و و ا و ر ا م ہ ا ا ل و (حروف ۴۴)

اب خالص حروف صوامت کی تکسیر جفری کریں اور امام برآمد کریں جب زمام حاصل ہوجائے تو تمام تکسیر کا ایک مربع نقش پُر کریں اور ان حروف کے ۴۔۴ حروف کو ملاکر طلسم تیار کریں ان طلسموں کو نقش کے چاروں طرف درج کریں۔

اب اس تکسیر کی سطر اول اور سطر زمام علیحدہ کریں۔اور درمیان والی سطور کو علیحدہ کر کے 3 عدد بتیاں تیار کریں ان بتیوں کی پشت پر مربع آتشی تکسیر لکھیں۔نقش کو طالب دائیں بازو کے ساتھ باندھیں اور تکسیر کی بتیاں روزانہ ایک جلائے 3 دن میں ایسا اثر ظاہر ہوگا کہ شاید کسی دوسرے میں ہو۔انتہائی بے نظیر عمل ہے جس طرح 3 دنوں میں عقد کے لیے اثر کرتا ہے اُس سے کہیں زیادہ تیزی سے حُب کے لیے کرتا ہے۔

اب سب سے اہم نکتہ یہ ہے کہ ملفوظی حروف سے تیار کردہ بسط حرف میں دیکھیں کہ غالب حروف کونسے ہیں یعنی کن کی تعداد زیادہ ہے اُن حروف کو علیحدہ لکھیں اور اُس سیارہ کی سعد ساعت میں یہ عمل تیار کریں انتہائی سریع الاثور ہے۔

کل اعداد کی تعداد........1253

تکسیر کی سطور........12

حروف × سطور........1253x12=15036

30 عدد طرح کیے........15036-30=15006

4 پر تقسیم کرنے سے........15006/4=3751/2

کسر 2 حاصل ہوئی اس لیے خانہ نمبر 1 میں ایک کا اضافہ کیا جائے گا۔

مثالی نقش: حروف صوامت کو عقود کے لیے کافی برسوں سے استعمال کیا جا تا رہا ہے لیکن اس ناچیز نے ان حروف سے کافی لاعلاج امراض کی بندش کے اعمال پیش کئے جب کہ تمام علماء جفر اور عالمین سے عقد القدم، عقد اللسان، عقد النکاح اور عقد النوم اور عقد الزناء جیسے اعمال تیار کرتے ہیں اور اُس کے لیے سب سے پہلے حروف صوامت کی زکوٰۃ ادا کی جاتی ہے تا کہ دوران گرہن تیار کئے گئے عمل مؤثر ثابت ہوسکیں۔اسی سلسلہ کی کڑی میں ماہ ستمبر کے گرہنوں کے لیے ایک آزمودہ سراج التاثیر اور مجرب عمل حاضر خدمت ہے۔اس عمل کے لیے گرہن سے چند منٹ پہلے 2 رکعت نماز کسوف وخسوف ادا کریں۔کلمہ طیبہؐ کی بسط حرفی کریں۔کیونکہ کلمہ طیبہ خالصاً حروف صوامت پر مبنی ہے۔

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

ل ا ا ل ہ ا ل ا ا ل ل ہ م ح م د ر س و ل ا ل ل ہ

تلخیص: ل ا ہ م ح د ر س و

اعداد کی تعداد: 354 (جب کہ مکمل حروف صوامت کی تعداد 543 ہے)

طلسم کلمہ طیبہؐ: بسم اللہ الرحمن الرحیم

طریقہ عمل:

گرہن کے دن سے سے پہلے ڈیڑھ کلوگڑ اور 9 سکے تانبے کے لے کر کسی قبرستان میں دفن کریں۔بعد میں غسل اور وضو کر کے 2 رکعت نماز کسوف خسوف ادا کریں۔اور طلسم ''ہول سرد ہا'' کو عین گرہن کے اوقات میں 3186 مرتبہ پڑھیں یہ عمل شمسی و قمری دونوں گرہنوں میں پڑھیں۔پڑھنے کے دوران کالی مرچ کو منہ میں رکھا جائے قارئین اگر آپ ایک ماہ کے 2 گرہنوں میں یہ زکوٰۃ ادا کرتے ہیں تو ایک سال کے لیے اس کی زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔اگر آپ 3 ماہ کے گرہنوں میں یعنی 6 گرہنوں میں لگاتار یہ عمل کرتے ہیں تو پھر ساری عمر کے لیے یہ عمل آپ کے ہاتھ میں رہے گا صرف ہر گرہن میں اس کی تعداد 354 مرتبہ پڑھنے سے اس کی مداومت ہوتی رہے گی۔

دوران گرہن اس کا نقش بھی تیار کریں اور جملہ امراض میں عقود کے لیے کام دے گا۔

۷۸۶

	ل	م	ح	
۴۵۳	ا	س	ہ	۳۵۴
	و	د	ر	

اہ د ر س ل م و ہ بحق لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

نظراتِ سیارگان کے عملیات برائے ماہِ مئی 2012ء

آسمانی کونسل میں نظرات سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئینِ آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقاتِ عملیات کو شامل کر کے ہم نے عاملینِ، شائقین عملیات کے لئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ الجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو اگلے صفحہ پر ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2012ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔

عامل شاہ زنجانی

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاءؑ عظامؒ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں ان کی طرف بادب رخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيۡكُمۡ يَا رِجَالُ الۡغَيۡبِ وَيَا اَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَة اَعِيۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّةٍ وَ انۡظُرُوۡنِیۡ بِنَظۡرَةٍ يَا رُقَبَاء يَا نُقَبَاء يَا نُجَبَاء يَا اَبۡدَال يَا اَوۡتَاد يَا قُطۡب يَا غَوۡث اَعِيۡنُوۡنِیۡ بِحُرۡمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ وَ عَلٰى آلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِيۡن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین و قارئین کے استفادہ کے لئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسولؐ بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہر حال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کے لئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہلِ قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کے لئے ہے۔ دوسرے عمل کے لئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری								تیسری						چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تسدیس عطارد زہرہ: اس سعد وقت کی ابتداء 3 مئی 11 بجکر 1 منٹ پر ہوگی۔ مکمل نظر 4 مئی 8 بجکر صفر منٹ جبکہ خاتمہ نظر 5 مئی 4 بجکر 6 منٹ پر ہوگا۔ ان اوقات میں سے کسی کو اپنی ذلف کا اسیر بنانے، اعمال محبت ہر قسم کے جائز، شادی بیاہ، غرض محبت کے سبھی کاموں کو انجام دیا جا سکتا ہے۔ سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش کو ساعت زہرہ میں لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں، دوسرا کسی پھل دار درخت سے لٹکائیں جو ہوا سے ہلتا رہے۔

(نقش آگے دیا جارہا ہے)

مقابلہ عطارد زہرہ: اس نحس نظر کی ابتداء 5 مئی 15 بجکر 54 منٹ، مکمل نظر 6 مئی 6 بجکر 7 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 6 مئی 20 بجکر 12 منٹ پر ہو گی۔ حاسدوں، دشمنوں کی املاک کو نقصان پہنچانا، اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش احاطۂ قبور میں دفن کریں، ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۲۲۹	۱۸۳۸	۶۸۷
۱۱۴۵	یہاں مقصد لکھیں	۱۶۰۹
۱۳۸۰	۹۱۶	۴۵۸

تثلیث زہرہ زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 10 مئی 6 بجکر 11 منٹ، جبکہ خاتمہ نظر 24 مئی 4 بجکر 1 منٹ پر ہوگا۔ ناراض بزرگوں، زوجین میں اتفاق، محبت، دوستی پیدا کرنے کے لیے سورۃ یوسف کا خالی البطن نقش لکھ کر پہن سکتے ہیں، درخت انار یا پھل دار درخت سے لٹکائیں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

قران شمس مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 12 مئی 9 بجکر 25 منٹ، مکمل نظر 13 مئی 18 بجکر 23 منٹ اور خاتمہ نظر 15 مئی 3 بجکر 31 منٹ پر ہو گا۔ ہمت و حوصلہ بڑھانے اور روحانیت کھولنے کے لیے سورۃ فاتحہ کا نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

۷۸۶		
۲۳۶۴	۶۳۰۹	۷۸۸
۵۵۲۱	یہاں مقصد لکھیں	۳۹۴۰
۱۵۷۶	۳۱۵۲	۴۷۳۳

تثلیث عطارد مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 13 مئی 10 بجکر 44 منٹ، تکمل نظر 14 مئی 1 بجکر 54 منٹ اور خاتمہ نظر 14 مئی 16 بجکر 55 منٹ پر ہو گا۔ حصول علم، بچوں کی ذہانت بڑھانے اور جاری کاموں میں استحکام کے لیے سورۃ یٰسین کا خالی البطن نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

(نقش آگے دیا جا رہا ہے)

قران عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 21 مئی 22 بجکر 13 منٹ، تکمل نظر 22 مئی 10 بجکر 58 منٹ اور خاتمہ نظر 22 مئی 23 بجکر 38 منٹ پر ہوگا۔ ترقی وعلم وہنر اور باا ثر صاحب علم افراد کی تسخیر کے لیے سورۃ یوسف کا خالی البطن نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

(نقش پہلے دیا جا چکا ہے)

قران شمس عطارد: جدید نجوم میں سعد وقت کی ابتداء 26 مئی 20 بجکر 55 منٹ، تکمل نظر 27 مئی 16 بجکر 19 منٹ اور خاتمہ نظر 28 مئی 11 بجکر 41 منٹ پر ہوگا۔ ذہنی تخلیقی صلاحیتوں، ہمت وحوصلہ بڑھانے کے لیے سورۃ یٰسین کے خالی البطن نقش کو پاس رکھنا نیک ہے۔

۷۸۶		
۵۵۳۵۰	۱۴۷۶۱۰	۱۸۴۵۰
۱۲۸۱۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۹۲۲۵۰
۳۶۹۰۰	۷۳۸۰۰	۱۱۰۷۱۰

تربیع عطارد مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 30 مئی 15 بجکر 56 منٹ، تکمل نظر 31 مئی 5 بجکر 20 منٹ اور خاتمہ نظر 31 مئی 18 بجکر 49 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین و دشمنوں کی املاک و کاروبار بند کرنا، اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش احاطۂ قبور میں دفنائیں یا کسی ویران درخت سے باندھیں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

(نقش پہلے دیا جا چکا ہے)

از تحریر: طالب حسین کرمانی، چک مغل

نادِ علی علیہ السلام کے اعمال و نقوش مجرب



قارئین کرام! میں آپ کو نادِ علیؑ کے پڑھنے کے مجرب عمل بتاتا ہوں تاکہ میرے عزیز اس سے مستفید ہو کر میرے حق میں دعائے خیر کرسکیں۔

کسے را میسر نہ شد ایں سعادت
بہ کعبہ ولادت بہ مسجد شہادت

نادِ علی

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ۔

کتاب حیات القلوب میں ملا محمد باقر مجلسی بیان جنگ احد کے آخر میں لکھتے ہیں کہ نادِ علیؑ کی آواز غیب سے حضرت محمد ﷺ کے کان مبارک میں آئی۔ یہ بھی مشہور ہے کہ یہ آواز جنگِ خیبر میں آئی۔ نادِ علیؑ کے سات سو خواص ہیں۔ میں آپ کو ایک سو سترہ کے قریب جو مشہور ہیں وہ عرض کروں گا، باقی حسن اعتقاد پر موقوف ہے۔ علماء لکھتے ہیں کہ اس میں ان کلمات شریف میں اسم اعظم پوشیدہ ہے۔ یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے حضرت محمد ﷺ کی خدمت میں فرمایا بھیجا کہ نادِ علیؑ کے ذریعے حضرت علیؑ کو طلب کریں۔ نبی کریم ﷺ نے نادِ علی من کر جواب دیا لبیک یا نبی اللہ۔ پھر آپ نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں پہنچے، جو مسلمان نادِ علی کو نیک حاجات کے لیے پڑھے گا، انشاء اللہ تعالیٰ ضرور اس کی حاجت پوری ہوگی۔ اس کے پڑھنے کے اوقات مفید ہیں۔ جب چاند بارہ برج فلکی میں سے جس برج سعد میں ہو اس کی ابتداء کرے جب کہ زیادتی رزق و وسعت ہمت ظاہر و باطن، محبت خلائق کے لیے پڑھنا ہو تو جمعہ کے روز ابتدائے ماہ یعنی زائد النور میں جو غرہ سے چودھویں رات تک ہے، شروع کرے۔ دشمنوں کی زبان بندی کے لیے ہفتہ یا اتوار کے دن ابتداء کرے۔ دشمنوں کی گرفتاری اور ظالموں کی ہلاکت کے لیے منگل یا چہار شنبہ ناقص النور میں یعنی پندرہویں تاریخ سے سلخ ماہ تک ہے، شروع کریں۔

حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ اگر کوئی آدمی کسی نیک حاجت کے لیے پڑھے گا، اللہ تعالیٰ مقصد پورا فرمائے گا۔

دعوتِ کبیر کا طریقہ

ہر روز 313 مرتبہ اعتصام و اختتام کے ساتھ پڑھیں۔

دعوتِ صغیر کا طریقہ

ہر روز 110 مرتبہ اعتصام و اختتام کے ساتھ پڑھیں۔

اعتصام یہ ہے کہ جب نادِ علیؑ شروع کرنا منظور ہو تو پہلے یہ اعتصام پڑھیں۔

یا اللہ صمدی من عندك مددی وعلیك معتدی

اختتام یہ ہے کہ نادِ علیؑ کے ختم کرنے کے بعد پانچ مرتبہ کہے۔

یا ابا الغیث اغشنی یا علی ادرکنی برحمتك یا ارحم الراحمین۔

عمل: حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ روایت کرتے ہیں کہ جو شخص اس دعا کو ہفتہ کے دن فجر کی نماز کے بعد پڑھے یا ہر روز دس مرتبہ پڑھے۔ اگر ہر روز نہ پڑھ سکے تو ہفتہ میں ایک مرتبہ ضرور پڑھے، انشاء اللہ اس کا ہر ایک نیک مقصد پورا ہو جائے گا۔ اگر دنیا میں اس کا اجر نہ ملے تو قیامت کے دن میں اس کا دامن گیر ہوگا۔

دعا: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْقَاهِرُ الْقَوِيُّ الْعَالِيُّ ط لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط

نقش نادِ علی صغیر

اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے داہنے بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈالیں۔ اس

گی برکت سے فیض یاب ہوں گے۔

یاجبرائیل ۷۸۶ یامیکائیل

۱۱۲۱	۱۱۳۵	۱۱۳۲	۱۱۴۸
۱۱۴۳	۱۱۲۷	۱۱۲۴	۱۱۳۴
۱۱۲۶	۱۱۳۰	۱۱۳۷	۱۱۲۳
۱۱۳۶	۱۱۱۴	۱۱۲۵	۱۱۳۱

یااسرافیل یاعزرائیل

یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ
یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ
یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ

نقش نادِ علی کبیر

نادِ علیؑ کبیر کے کل اعداد 49650 ہیں۔ یہ نقش لکھ کر مریض کو پلائیں، شفاء ہوگی، مجرب ہے۔ ہر روز 45 عدد نقش صبح کی نماز کے بعد لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر صاف پانی میں بہادیں یا پھر ہر روز 41 دفعہ نادِ علیؑ پڑھ کر 41 دن پڑھے، پھر نقش تیار کر کے جس نیک کام کے لیے لکھے گا، فائدہ ہوگا۔

۷۸۶

۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۴	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۵
۱۲۴۱۶	۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۵
۱۲۴۰۷	۱۲۴۲۰	۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۰
۱۲۴۰۲	۱۲۴۰۹	۱۲۴۰۸	۱۲۴۱۹

جادو کی کاٹ

اگر کسی آدمی پر کالا جادو کیا گیا ہو، جادو سے پاگل ہو چکا ہو، جنات کا اثر ہو، نظر کی بندش ہو، زباں بندی ہو، تمام اثرات کے خاتمے کے لیے مجرب ہے۔ پہلا نقش لکھ کر پانی میں گھول کر رات کو سوتے وقت پئیں۔ دوسرا نقش علی الصبح نہار منہ پانی میں گھول کر پلا دیں، انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

پہلا نقش

۳۹۰۹	۳۹۰۴	۳۹۱۱
۳۹۱۹	۳۹۰۸	۳۹۰۱
۳۹۰۵	۳۹۱۲	۳۹۰۷

دوسرا نقش


بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ یا محمد یا علی علیہ السلام یا فاطمہ علیہا السلام یا حسن علیہ السلام یا حسین علیہ السلام

یہ وظیفہ بھی پڑھتے رہیں۔


سبحان اللہ والحمدللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ط ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ط

نقش ترقی کاروبار

اس نقش مکرم کو کسی اچھی ساعت میں لکھ کر فریم کروا کر دکان میں لٹکا دیں، پھر برکت کے کرشمے دیکھیں۔



حم حم حم حم حم حم اللہ حم الا اذا جاء النصر جعلنا لا ینصرون وصلی للہ تعالٰی محمد والہ واصحابہ اجمعین علی خیر خلقہ سیدنا



نقش بچوں کی نظر بد کیلئے

اگر کوئی بچہ رات کو روتا ہو یا دن کو سوتے وقت ڈرتا ہو یا زیادہ روتا ہو۔ اس نقش کو لکھ

کر چاندی میں موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں، انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

۷۸٦

۷۸٦	یابدوح	۷۸٦
یابدوح	الله	یابدوح
۷۸٦	یابدوح	۷۸٦

نادِ علیؑ کو بصورت ذیل مربع لکھ کر جو آدمی اپنے پاس رکھے گا۔ ہر روز اس کو دیکھے گا تو وہ تمام بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر جنگ پر جائے گا تو دشمن پر فتح پائے گا اور خدا سے جو مقصد چاہے گا بر آئے گا، سحر و جادو اس پر اثر نہ کرے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ناد	علیا	مظهر	العجائب	تجده	عونالك	فی النوائب	كل هم
علیا	مظهر	العجائب	تجده	عونالك	فی النوائب	كل هم	وغم
مظهر	العجائب	تجده	عونالك	فی النوائب	كل هم	وغم	سینجلی
العجائب	تجده	عونالك	فی النوائب	كل هم	وغم	سینجلی	بنبوتك
تجده	عونالك	فی النوائب	كل هم	وغم	سینجلی	بنبوتك	یامحمد
عونالك	فی النوائب	كل هم	وغم	سینجلی	بنبوتك	یامحمد	بولایتك
كل هم	وغم	سینجلی	بنبوتك	یامحمد	بولایتك	یاعلی	یاعلی

نادِ علیؑ کے اعمالِ مجرب

(1) ہر روز بلاناغہ بعد نمازِ عشاء تین مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

(2) اگر کسی کا دل اللہ تعالیٰ کی عبادت و ریاضت کی طرف مائل نہ ہو، کاہلی و سستی ہو، یکسوئی نہ ہو۔ ایسی صورت میں ہر نماز کے بعد اکتالیس دفعہ نادِ علیؑ پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے، شفاء ہوگی۔

(3) اس کو ہر روز سات مرتبہ پڑھنے سے زیارت انبیاء علیہ السلام ہوتی ہے۔

(4) اس کو بعد نماز اول و آخر درودِ شریف 100 مرتبہ اور 500 بار نادِ علیؑ پڑھے اور باوضو سو جائے، انشاء اللہ العزیز اسی رات کو زیارت حضورؐ سے مشرت حاصل ہوگا۔

(5) اگر کوئی حضور علیہا السلام، آئمہ طاہرین کے انوار و جمال کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہو تو شب جمعہ شروع ماہ زائد النور میں بوقت شب 1000 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے اور بعد نمازِ عشاء دو رکعت نماز نفل کے بعد غسل کر کے لباس پاک پہنے اور خوشبو لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں زیارت سے مشرف ہوگا۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔


(6) کسی مشکل کام مصیبت یا پریشانی کو جلد حل کرنا ہو تو نماز حاجت کی نیت سے ہر رکعت میں بعد الحمد کے تین تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور ثواب اس کا روح پاک حضرت علیؑ کو بخشے بعد میں 70 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی دن کامیاب ہوگا ورنہ تین دن یہ عمل کرے۔

(7) ہر قسم کی جائز دینی و دنیاوی حاجات کے لیے یہ عمل نہایت اہم اور مفید ہے۔ جو بھی حاجت ہو اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے جلد پورا کروانے کی غرض سے جب چاند عروج پر ہو تو ایک وقت مقرر کر کے باوضو حالت میں اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے، درمیان میں 60 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ اس کے بعد چار رکعت نفل نماز قضائے حاجت کی نیت سے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد چالیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ پھر 50 مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھے۔ اس کے بعد 50 مرتبہ استغفر واللہ ربی من کل ذنب اذنبتہ عمدا او خطاء سرا و علانیۃ و اتوب الیہ پڑھے۔ اس کے بعد پچاس دفعہ درود شریف پڑھے۔ اس طرح چاروں رکعات مکمل کرے اور پھر حضور قلب اور توجہ و یکسوئی کے ساتھ اللہ کی بارگاہ میں اپنے مقصد کے حصول کے لیے خوب عاجزی و انکساری سے دعا مانگے، ہر روز بلاناغہ اس وقت پڑھے جب تک کہ حاجت پوری نہ ہو جائے۔

(8) جو آدمی ایسا بیمار ہو جس کے علاج سے اطباء عاجز آچکے ہوں تو آب باراں یا آب چاہ پاک پر 70 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر مریض کو پلائیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں، شفاء ہوگی۔

(9) ہر روز دس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں، لاعلاج مرض دور ہوگا۔

(10) جو آدمی بیماری کے باعث ضعیف و ناتواں بدن رکھتا ہو تو ہر روز 70 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے، اس کا ضعف دور ہو جائے گا۔ بقیہ صفحہ نمبر 29 پر



کمالاتِ جفر اوجِ زہرہ

حاضری مطلوب و رجوعِ خلق

از تحریر: حکیم سرفراز احمد زاہد، ملتان

شمارہ اپریل میں صرف ابجد کی زکات اور اس سے کام لینے کا منفرد طریقہ پیش کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ اس کے علاوہ اپنے دوست مشہور عامل جناب بشیر احمد نوشاہی سے بھی وعدہ تھا کہ ماہِ مئی 2012ء میں طریقہ زکات پیش کروں گا۔ مضمون بھی لکھنا شروع کیا لیکن ایک ہی صفحہ تحریر کیا تھا کہ نامعلوم مصروفیات کی بنا پر وہ مضمون مکمل نہ کر سکا۔ آج یکم اپریل 2012ء کو کسی عمل کے لیے نظرات دیکھنے کے لیے زنجانی جنتری کھولی تو اچانک اوجِ زہرہ پر نظر پڑی اور وہ بھی 2 مئی تا 5 مئی تک۔ فوراً حروف ابجد کی زکات کا مضمون ایک طرف کیا اور اس متبرک وقت یعنی اوجِ زہرہ پر چند حروف لکھ دیے۔ ماہِ فروری 2012ء میں رجوعِ خلق پر مضمون لکھا تو معلوم ہوا کہ وہ سندھی زبان کی کتاب اکسیر العمر میں بھی ہے۔ اس کے بارے میں پنوں عاقل سندھ سے ایک دوست نے ذکر کیا اور عمل میں ایک قانون ترفع طبعی کے بارے کہا کہ سندھی کتاب میں بھی ہے مگر کسی اور طرح اور ہمارے اُستاد اس کے عامل ہیں۔ مجھے یہ ایک نایاب کتاب جو اُردو میں تھی۔ اس کا نام معلوم نہیں، میرے ایک دوست سید شاہد علی نے کراچی سے روانہ کی طرح بعد میں واپس کر دی گئی۔ اس میں صرف دو عمل تھے ایک یہ عمل اور دوسرا سورۃ مزمل شریف کا۔ میں نے دونوں نوٹ کر لیے، بہر حال میں نے اس عمل کو مذکورہ سندھی کتاب میں دیکھا وہ کتاب میرے پاس موجود تھی اور اللہ کے فضل سے سندھ میں دو سال رہنے کی وجہ سے سندھی زبان اپنے مقصد کے حصول کی حد تک سمجھ لیتا ہوں۔ بہر حال کتاب میں عمل کو دیکھا اس میں کچھ فرق تھا۔ بلکہ جو آج کل کتاب کراچی میں دستیاب ہے، اس میں کافی غلطیاں ہیں، پرنٹنگ کی بھی وجہ ہے، میرے پاس اصل نسخہ تھا۔ لیکن حیدر آباد میں کسی کو ترجمہ کے لیے دیا لیکن وہ شخص بے ایمان ہو گیا اور کتاب لے کر مکر گیا۔ بعد میں اصل کتاب کی تلاش بہت کی مگر نہیں ملی اور فوٹو کاپی ملی۔ اگر کسی کے پاس ہے تو ان سے مانگنا تو درکنار بات کرنا بھی گوارہ نہ ہے۔ اس تحریر کو اگر کوئی سندھی دوست پڑھے اور اس کے پاس اصل اکسیر الاحمر ہو اور وہ پرانی ہو تو اگر وہ اس کی فوٹو کاپی دینا چاہے تو میں قیمت ادا کرنے کے لیے تیار ہوں، اس کی مہربانی ہوگی۔ خیر بات ہو رہی تھی شرفِ زہرہ والے عمل کی۔ شرفِ زہرہ کے وقت میں نے یہ عمل چار عدد تیار کیے تھے۔ ایک اپنے لیے ایک اپنے دوست سید ابوالحسن صاحب کے لیے اور دوسرے احباب کے لیے اور وہ واقعی جفر کا باکمال عمل ہے اور تسخیر خلائق کے لیے خوب کام کر رہا ہے۔ اب معلوم نہیں دوسرے ماہرین نے اسے قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے یا نہیں۔ شرفِ زہرہ کے وقت اگر کوئی صاحب اس عمل سے مستفید نہ ہو سکا ہو تو خوش قسمتی سے دوبارہ وقت اوجِ زہرہ کی شکل میں 2 مئی بروز بدھ 2012ء بوقت 21 بجکر 47 منٹ رات تا 5 مئی بروز ہفتہ 2012ء رات 21 بجکر 23 منٹ رہے گا۔

لیکن اس وقت عمل کشش مطلوب لکھ رہا ہوں۔ یہ بات درست اور حقیقت پر مبنی ہے کہ حب و عدو (بغض) نایاب نہیں تو کم یاب ضرور ہیں۔ لیکن یہ بازیچۂ اطفال بھی نہیں۔ ہر کوئی اس پر عبور حاصل کر سکے کیونکہ اس سے معاشرتی زندگی میں بہت سی برائیاں جنم لے سکتی ہیں۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ طالب علم حضرات کی تعلیم و تربیت اور فن کے متلاشیوں کو تو مایوس نہ کرنا چاہیے۔ موجودہ دور میں انسان کو اتنی فرصت کہاں کہ وہ طویل طویل چلہ کشی کرے۔ جفر اس دور میں مؤثر اور فوری نتائج مہیا کرتا ہے۔ (لیکن عاقل میر کو سمجھ لینا چاہیے کہ اصلی عامل بننے کے لیے ریاضتوں کی ضرورت عملیات کی پہلی سیڑھی ہے)۔ اہلِ نجوم اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ نحس اوقات میں کبھی نیک کام سرانجام نہیں ہوتے۔ ہمیشہ سعد اوقات میں نیک کام کیے جاتے ہیں۔ اسی طرح اوجِ زہرہ کا وقت جب ختم ہو گا تو قمر در عقرب شروع ہو گا،



ایک دن بعد۔ اوجِ زہرہ میں تو کافی وقت مل رہا ہے۔ وہ لوگ جنہوں نے کسی آیت یا سورۃ کی زکات ادا کی ہو اور روزمرہ کی زندگی میں ان سے کام لیتے ہیں۔ اس بات کی تصدیق کریں گے کہ شرفِ قمر یا تثلیث وتسدیس یا قران کے اوقات اس کے نقش کے لیے بے حد موثر ہیں۔ وقت کا استخراج انتہائی ضروری ہے۔ وقت میں استخراج عمل کریں تو عمل تیر کی طرح کام دے گا۔ زہرہ کا تعلق محبت سے ہے، خواتین کی تسخیر کے لیے، روٹھے میاں بیوی کو ایک کر دینے، دو ناراض دلوں میں محبت ڈالنے کے لیے جادو کا اثر رکھتا ہے۔ میں نے ایسی جگہ بھی کیا اور کامیابی حاصل کی ہے جہاں امید بھی نہ تھی۔ جہاں ایک دل میں دوسرے کی محبت پیدا کرنا ہو اور ایک کی طلب دوسرے کے دل میں پیدا کرنا ہو اور طالب ومطلوب کے دلوں میں محبت یک جہتی پیدا کرنی ہو یا آپ کے دل میں اگر دوسروں پر حکومت کرنے یا اپنی محبوب و پسندیدہ چیزوں کو اپنے قابو میں لانے اور اثر واقتدار میں رکھنے کی خواہش ہے تو یہ خواہش بے جا نہیں ہے۔ اس لیے کہ انسانی فطرت کا تقاضا یہی ہے اور ہر انسان یہی چاہتا ہے کہ وہ لوگوں کے دلوں پر حکومت کرے۔ دوسروں پر حکمرانی کرے، کسی کو اپنا مطیع ومسخر کرنا، اپنے پیاروں کو موہ لینے مطلوب کو اپنی محبت میں بے قرار کرنے کی خواہش ہر فرد کے دل میں مچلتی رہتی ہے۔

جفری عملیات سے شغف رکھنے والے احباب اعداد کی طلسمی قوتوں سے بخوبی واقف ہیں۔ اس امر کے بارے میں کاش مرحوم نے اپنی کتب میں اعداد کی طلسمی قوتوں کو آگاہی کے لیے بہت راہنمائی فرمائی ہے۔ ان اعداد میں خصوصاً اعداد متحابہ کو بہت فوقیت حاصل ہے۔ ویسے تو ہر جفری عمل میں ان قوتوں کی ضرورت رہتی ہے لیکن اعداد متحابہ میں تو یہ لازمی ہے۔ یہ عملیاتی دنیا میں بہت مشہور ہیں لیکن اتنے ہی مشکل۔ یہ اعداد ایک دوسرے کے عاشق ومعشوق ہیں، عاملین محبت اور جذب کے لیے ان سے مدد لیتے ہیں۔ اسی لیے ان اعداد کو مقناطیس القلوب کہا جاتا ہے۔ اس لیے ان اعداد میں قلوب انسانی کے لیے ویسی ہی قوت جاذبہ ہوتی ہے جیسے کہ مقناطیس میں لوہے کے لیے ہوتی ہے۔ دنیا کے اندر حب وبغض یا جذب وطرد کی دو ایسی قوتیں ہیں کہ جس شخص کے قبضہ میں آجائیں اسے دنیا کی کسی چیز کی پرواہ نہیں ہوتی۔ وہ بادشاہ وقت ہوتا ہے وہ عامل جن کو جذب وطرد کی قوتوں پر دخل ہو، دنیا کا کوئی امر ان کے امکان سے باہر نہیں ہوتا، بشرطیکہ فضل الٰہی اس کے ساتھ ہو۔ اعداد متحابہ میں کچھ ایسی نسبت عاشقی ومعشوقی کی ہے کہ ایک دوسرے کی طرف متحارب ومتجاذب ہیں۔ جن شخصوں کے پاس ان دونوں کا نقش ہو یہ کسی دو افراد کے لیے ان کی نقش یا طلسم تیار کر کے استعمال میں لایا جائے تو ان دونوں شخصوں کے مزاج میں عاشقیت ومعشوقیت پیدا ہو جائے گی۔ عالمان جفر کا دعویٰ ہے کہ اعداد متحابہ یعنی رلک ۲۲۰ اور رفد ۲۸۴ محبت وعشق پیدا کرنے میں جادو کا حکم رکھتے ہیں۔

یہ عمل ان میاں بیوی کے لیے اکسیر ہے جن کی آپس میں ذہنی ہم آہنگی نہیں ہے جو ایک دوسرے کے زندگی کے ساتھی تو ہیں مگر ایسے ہیں کہ جیسے ایک ندی کے دو کنارے جو ساتھ ساتھ ہوتے بھی ایک دوسرے سے دور رہتے ہیں یا ایسے میاں بیوی جن میں صبح وشام ذرا ذرا سی باتوں پر تکرار شروع ہو کر لڑائی جھگڑے روزانہ کا معمول بنے ہوئے ہیں یا شوہر اپنی بیوی کو چھوڑ کر دوسری عورتوں کے ساتھ گناہ کی زندگی گزار رہے ہوں اور اپنی بیوی اور پھول جیسی بچیوں سے دور رہتے ہوں نہ ان کو اخراجات دیتے ہوں نہ ان کا خیال رکھیں۔ مار کٹائی ذلت رسوائی ان کا مقدر ہو، سسرالی ماں باپ کہیں کہ ہمارا تو بیٹا ایسا ہی ہے۔ ذرا ذرا سی بات پر پاکستان واپس بھیجنے کی دھمکی ہو (برطانیہ، کینیڈا میں ایسے واقعات بہت ہیں) ایسی خواتین یا مجبور اور بے بس لوگوں کے لیے طلسم مقناطیس القلوب ایک خاص نعمت ہے۔ خصوصاً ان بچیوں کے لیے جن کے خاوند غیر عورتوں سے ناجائز تعلق رکھتے ہوں اور اپنی سلیقہ شعار خوبصورت بیگمات کی ذرا بھی پرواہ نہیں کرتے۔ وہ عورتیں جنہوں نے خاوند اور سسرالی لوگوں کی دن رات خدمت کی مگر پھر بھی خاوند کی محبت حاصل نہ کر سکیں۔ ان کو طلسم مقناطیس القلوب اپنے پاس ضرور رکھنے چاہئیں، وہ ساری خوشیاں ملیں گی۔ انشاءاللہ

طلسم مقناطیس القلوب کی دو الواح تیار ہوتی ہیں۔ ایک لوح طالب اور دوسری لوح مطلوب ان کو لوح انموذج بھی کہا جاتا ہے۔ یہ جذب القلوب کا خاص عمل ہے۔ اس لوح کا درمیانی خانہ خالی ہوتا ہے جس میں طالب ومطلوب کی تصویر لگائی جاتی ہے۔ لوح طالب کے پہلے آٹھ خانے طالب کے نام معہ والدہ کے اعداد پُر کیے جاتے ہیں۔ اسی طرح لوح مطلوب میں پہلے آٹھ خانے مطلوب معہ والدہ کے نام کے اعداد متحابہ سے پُر کیے جاتے

ہیں اور باقی ماندہ آٹھ خانے ناقص اعداد متحابہ سے پُر کیے جائیں گے۔ اس طرح لوح طالب و مطلوب پُر ہوگی۔ وسطی خانہ خالی رہے گا۔ اس میں طالب کی تصویر لگے گی۔ طالب مع والدہ کے نام کے اعداد لیں اور ان کا نصف کریں۔ اگر نصف نہ ہوں تو کوئی اسم الٰہی یا مقناطیس اور حدید کے اعداد ملا کر وزن برابر کر لیں۔ ایک بات یاد رکھیں مقناطیس کے اعداد طالب کے اعداد میں شامل ہوں گے اور حدید کے اعداد مطلوب کے اعداد میں شامل کیجیے۔ طریقہ یہ ہے:

جب اعداد نصف ہو جائیں تو اس میں 8 عدد تفریق کریں۔ باقی خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک کے اضافہ سے لوح پُر کریں۔ باقی آٹھ خانے رہ گئے، جن کو زائد یا ناقص اعداد متحابہ سے پُر کیا جائے گا۔ اس کا طریقہ یہ ہے:

نام کے اعداد کے مطابق زائد یا ناقص اعداد متحابہ مرتبہ اول، دوئم یا سوئم کے لیں۔ ان کا نصف کر لیا جائے، اس سے 8 تفریق کریں جو باقی بچے اس میں خانہ اول کے اعداد تفریق کریں، جو باقی بچے اس کو خانہ نہم میں رکھ کر ایک ایک اضافے سے نقش مکمل کریں۔ مثلاً

1) اعداد نام طالب معصوم علی بن ثمینہ: 961 ان کا نصف نہیں ہوتا

اعداد مجنون: 149

نصف کیا: 555 = 2 / 1110

8 عدد تفریق کیے۔ 547 = 8 - 555

مرحلہ اول ان سے پہلے آٹھ خانے پُر ہوں گے۔

2) دوسرا دور اعداد متحابہ کا ہوگا۔

مرتبہ دوم کے اعداد زائد متحابہ ہوں گے۔ 2024

نصف کیا: 1012

7 نصف کیے۔ 7

1005 = 1015

خانہ اول کے اعداد نفی کیے۔ 458 = 547 - 1005

اب باقی 8 خانے 458 کو خانہ نہم میں رکھتے ہوئے ایک ایک کے اضافہ سے پُر کریں گے۔ ان کا مجموعہ 2024 کے مطابق آئے گا۔ لوح مطلوب پُر ہوگی۔

1) اعداد مطلوب عرفانہ بنت رابعہ: 684

اعداد لیلیٰ: 80

نصف کیا: 764

382 = 2 / 584

خانہ اول میں آئے گا، ان سے 8 تفریق کریں گے۔


2) مرتبہ دوم کے اعداد ناقص متحابہ: 2294

نصف کیا: 1148

7 تفریق کیے: 1141 = 7 - 1148


خانہ اول کے اعداد تفریق کیے۔ 767 = 374 - 1141

اب سے نقش پُر کریں گے۔ لوح کی چال یہ ہے۔




پہلے لوح طالب بنائیں گے۔

لوحِ طالب:



لوحِ مطلوب:



ان میں لوح طالب کا وفق 2024 آیا ہے اور لوح مطلوب کا وفق 2296 ہے۔ ان الواح کو سفید کاغذ پر زعفران اور ماء الورد کی روشائی سے تیار کر کے درمیان میں طالب و مطلوب کی تصاویر لگا دیں۔ پھر ان کو روبرو کر کے اس طرح رکھیں کہ طالب و مطلوب کے چہرے آپس میں مل جائیں۔ تمام خانے ایک دوسرے سے برابر مل جائیں۔ اب اسے تہہ کر کے تعویذ بنا لیں۔ یہی طلسم مقناطیس القلوب ہے۔ اسے کسی تختی میں بند کروا کر طالب اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ مطلوب طالب کی حکم عدولی نہ کر سکے گا، مطیع و مسخر ہوگا۔ یہ طلسم مقناطیس القلوب کوئی بھی ماتحت اپنے افسر کو مسخر کر سکتا ہے، خاوند بیوی کے لیے اور بیوی خاوند کے لیے، والدین اپنی اولاد کے لیے اور ایسی کنواری بچیاں جن کی منگنی ہو چکی ہے اور منگیتر بدل چکا ہو اور کسی اور جگہ بات چیت کر رہا ہو، اس کے لیے یہ طلسم تیار کریں تاکہ دوبارہ رجوع کرے یا ان لڑکیوں کا نکاح ہو چکا ہو مگر رخصتی نہ ہوئی ہو یا شوہر چھوڑ کر غیر ملک جا چکا ہو۔ ان کے لیے طلسم تیار کریں اور استعمال میں لائیں تاکہ وہ مائل ہو کر رجوع کریں، اسی طرح ہر جائز مقصد کے لیے یہ اور جائز محبت کے لیے یہ طلسم کام دیتا ہے۔ اوجِ زہرہ کے وقت پر خاص تحفہ ہے، اس سے فائدہ اٹھائیں۔

بقیہ: نادِ علیؑ

(11) نمازِ عصر کے بعد ہر روز 25 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے والا آدمی ہرگز بیمار نہ ہوگا، اول و آخر درود شریف ضرور پڑھیں۔

(12) ہر روز نمازِ مغرب کے بعد 28 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے جسم کی تمام بیماریاں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دور ہو جاتی ہیں۔ اول و آخر درود شریف ضرور پڑھیں۔

(13) مریض کو جب بھی پانی پلائیں تو اس پر نادِ علیؑ دم کر کے پلائیں۔ اول و آخر درود شریف پڑھیں، شفاء ہوگی۔

(14) اگر کسی کو بخار ہو جائے اور دوا سے آرام نہ آتا ہو تو چینی کے سفید پیالے پر مشک و زعفران و گلاب سے نادِ علیؑ لکھ کر آبِ باراں یا کسی پاک و صاف پانی سے دھو کر مریض کو پلایا جائے، اول و آخر درود شریف پڑھ لیں، انشاء اللہ شفا ہوگی۔

(15) ہر روز 101 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے حکام کی نظر میں مقبول ہوگا۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

(16) اگر کوئی آدمی ہر روز گیارہ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو ہر آدمی اس کو دوست رکھے گا۔

(17) امورِ مشکلات کے آسان ہونے کی نیت سے روزانہ 160 مرتبہ نادِ علیؑ کے پڑھنے سے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔

(18) اگر کوئی شخص توسیع رزق اور بلند مرتبہ حاصل کرنے کے لیے ہر روز صبح کے وقت 100 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے سے مقصد میں نمایاں کامیابی ہوگی۔

(19) اگر کوئی آدمی دشمنوں سے خائف ہو اور دشمنوں کے درمیان پھنس گیا ہو اور مارے جانے کا ڈر ہو تو پاک مٹی پر 7 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر اس میں اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے اور ان کی طرف ہوا میں اڑا دے تو بحکمِ خدا ان کا کوئی ضرر اس کو نہ پہنچے گا اور ان سے نجات پائے گا۔

(20) اگر کوئی شخص ہمیشہ نادِ علیؑ پڑھا کرے تو اس کے دشمن مطیع و فرماں بردار ہوں گے اور اس سے ڈریں گے۔

(21) اگر کوئی آدمی ایک ہزار 60 مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی اپنے دشمن کو پلائے تو خدا کی قدرت سے دشمن کوئی وار نہ کر سکے گا۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

نوٹ: نادِ علیؑ کے باقی اعمال انشاء اللہ تعالیٰ اگلی نشست میں لکھوں گا۔

از تحریر: سید علی حسین شاہ نقوی، ہارون آباد

عجائب الجفر اوجِ زہرہ

ستارہ زہرہ پیار و محبت، شادی بیاہ، عزت و شہرت، دولت و ہر قسم کی خوبصورتی سے منسوب ہے۔ زہرہ کا سب سے طاقتور وقت شرف کا ہوتا ہے، جو گزر گیا ہے۔ اوج کی طاقت شرف سے کم ہوتی ہے۔ اس ساعت میں بھی شرف کا کام لیا جا سکتا ہے چونکہ ستارہ زہرہ عورت سے منسوب ہے۔ اس لیے زہرہ کے اوقات میں زیادہ اعمال خواتین سے متعلقہ تیار کیے جاتے ہیں۔ زہرہ کو برج جوزا کے 22 درجہ پر اوج ہوتا ہے، اس سال زہرہ کو اوج 2 مئی 21:47 منٹ سے شروع اور 5 مئی 21:43 منٹ پر ختم ہوگا۔ موقع کی مناسبت سے چند اعمال دکھی ماؤں بہنوں کے نام لکھ رہا ہوں۔ جو مائیں، بہنیں ان اعمال سے فیض یاب ہوں وہ مجھ حقیر اور ادارہ آئینہ قسمت کے سب سٹاف کو دعائے خیر میں ضرور یاد رکھیں۔

ستارہ زہرہ اور خواتین کے پوشیدہ امراض

خواتین میں کچھ بیماریاں مثلاً ماہواری کے جملہ امراض لیکوریا، اندرونی زخم، ورم، اعصابی کمزوری، بانجھ پن اور اسقاطِ حمل ایسی موذی بیماریاں ہیں جو عورت کو اندر ہی اندر کھوکھلا کر دیتی ہیں۔ اوج کے وقت میں زعفران اور چوعرقہ سے بیالیس عدد نقش لکھ لیں اور صبح نہار منہ قبلہ رخ منہ کر کے پاؤں کے بل بیٹھ کر ایک گلاس پانی میں ایک عدد نقش حل کر کے پیے لگاتار اکتالیس دن پیے۔ اس کے بعد باقی ایک نقش کو گلے میں ڈال لیں اور ہر پوشیدہ مرض کا خاتمہ اکتالیس دن میں گارنٹی سے حاصل کریں۔

یا جبرائیل — یا میکائیل

۷۸٦ ههههههه ✕ ع ع ع ع ع ع ع ه و ص م

ھو	ھو	ھو	ھو	ھو	ھو	ھو
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
حے	حے	حے	حے	حے	حے	حے
قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم

یا عزرائیل — یا اسرافیل

بسم اللہ شافی الکافی المعافی

نقش کی پشت پر یہ طلسم تحریر کریں۔

عاھالامرلہ
الاطس کھص

ستارہ زہرہ اور من پسند شادی

زہرہ کے اوج کی ساعت 4 مئی بروز جمعۃ المبارک میں ذیل کے نقش تیرہ عدد لکھ لیں۔ نقش سفید کاغذ پر کالی روشنائی سے لکھیں۔ ہر روز ایک عدد نقش سے غسل کیا کریں، مسلسل گیارہ یوم ایسا کریں، تصور محبوب سے شادی کا ہو۔ بارھویں روز ایک تعویز سبز رنگ کے کپڑے میں باندھ کر پھل دار درخت سے لٹکائیں تاکہ ہوا سے ہلتا رہے اور باقی ماندہ تعویذ کو سرخ رنگ کے کپڑے میں باندھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ ایک ماہ میں شادی طے ہو جائے گی۔

ط ااا حاضر ااا اا۹ اا ااا اا ۹ اا ۵ ح
اا ۶ ا۸۸ ۶۸۸۸ اا اا۸ اا ٦

یا اللہ جل جلالہ بہ برکت این نقش فلاں بن فلاں کی شادی کا پیغام
فلاں بنت فلاں کے ساتھ جلد موصول شود العجل الساعۃ الوحا

عجائب الجفر سورج گرہن

اگر دشمن ناحق ستایا ہو اور بے وجہ تکلیف و دکھ دیتا ہو تو ذیل کا نقش کالی سیاہی سے سورج گرہن کے وقت میں لکھ لیں۔ نقش میں دشمن کا نام بمعہ والدہ کا نام لکھ دیں، پھر بکرے یا بکری کا دل لائیں۔ تیار شدہ تعویذ دل میں رکھ کر سات عدد سوئیاں لے کر ہر سوئی پر سورۃ فیل سات سات مرتبہ پڑھ کر دل کے شگاف کو بند کر دیں اور اس دل کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دو۔ انشاء اللہ دشمن کا نقصان تو نہیں ہوگا البتہ وہ ظلم سے توبہ کر لے گا اور آپ سے خود آ کر معافی مانگ لے گا۔

ھاروت وماروت
یاعزرائیل
فلاں بن فلاں
یاعزرائیل
یاجوج وماجوج

از تحریر: منیر احمد میرانی قمبر

ثاقب ارسل جفر لوح شفا

قارئین کرام! آج سے اس دجالی دور میں لوگوں کی کثیر تعداد نہ جانے کتنے موذی اور مہلک امراض میں مبتلا ہے اور لاکھوں روپیہ خرچ کر کے سخت پریشان ہے۔ اکثر حضرات اخراجات برداشت کرنے کی طاقت بھی نہیں رکھتے اور درد تکلیف میں روز بروز مبتلا ہو کر خاموش بیٹھ جاتے ہیں اور اس دور میں کوئی بھی کام مفت نہیں ہوتا۔ آپ کی خدمت میں ایک نہایت نادر آسان مجرب عمل پیش کر رہا ہوں۔ دربار رب العزت سے دعا ہے کہ وہ اس عمل کے ذریعے لوگوں کو شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔ آج کل زیادہ سے زیادہ لوگوں کو درد ہڈیوں اور چمڑیوں کی بیماری بہت زیادہ ہو رہے ہیں۔ مگر ڈاکٹروں کے پاس اس کا علاج نہیں اور لاکھوں روپیہ کی دوا میں بھی فائدہ نہیں ہو رہا ہے مگر میں آپ کی خدمت میں دعائے کمیل جو حضرت علیؑ نے حضرت کمیل کو تعلیم دی تھی، اس دعا میں کچھ الفاظ پیش عرض ہے:

یَارَبِّ ارْحَمْ ضَعْفَ بَدَنِیْ وَرِقَّةَ جِلْدِیْ وَدِقَّةَ عَظْمِیْ ٥

ترجمہ: اے میرے پروردگار رحم فرما میرے جسم کی ناتوانی اور میری جلد کی کمزوری و نازک پن پر اور میری ہڈیوں کی کمزوری پر ٥

اس دعا کے اعداد 3071 قمری نکال کر مربع آتشی بناؤ۔ کسی نیک ساعت میں 41 الواح تیار کرو، مشک و زعفران کی سیاہی سے۔ ایک لوح کو باندھو مریض کو، باقی کی 40 الواح کو گلاب کے پانی سے پلاؤ، 40 دنوں میں کامل شفا ملے گی اور اس دعا کو نماز فجر، عشاء 110 مرتبہ پڑھیں، دعائے کمیل پر تھوڑی روشنی جناب سید ابن طاؤس نے اپنی کتاب اقبال میں تحریر فرمایا ہے کہ حضرت کمیل بن زیاد سے روایت ہے کہ میں ایک دن بصرہ کی مسجد میں حضرت علیؑ کے حضور میں حاضر تھا کہ آپ نے ارشاد فرمایا جو آدمی شعبان کے مہینے کی پندرہویں شب میں اہتمام کرے کہ رات وجود عبادت الٰہی میں بسر کرے اور حضرت خضرؑ کی دعا بھی پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی۔ کمیل کہتے ہیں کہ جب جناب امیر المومنینؑ بیت الشرف تشریف لے گئے تو میں بھی خدمت بابرکت میں حاضر ہوا۔ حضرت علی ابن طالبؑ نے مجھ سے ارشاد فرمایا۔ کوئی کام ہے؟ میں نے دعائے حضرت خضرؑ کی خواہش ظاہر کی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ کمیل بیٹھ جاؤ۔ میں بیٹھ گیا۔ جناب امیر المومنینؑ نے ارشاد فرمایا کہ اے کمیل اگر تم اس دعا کو ہر شب جمعہ ایک مرتبہ یا ہر ماہ ایک مرتبہ یا سال میں ایک مرتبہ پڑھ لو گے تو تم دشمنوں کے شر سے محفوظ رہو گے، تمہاری روزی میں اضافہ اور تمہارے گناہوں میں کمی ہوگی۔ بعد ازاں حضرت علیؑ نے دعا کی تلقین فرمائی۔ چنانچہ اس دن سے یہ دعائے کمیل کے نام سے مشہور ہوگئی۔ لیکن ہم نے جو عمل تیار کیا ہے، اس میں تین خاص کام یہ ہیں کہ ایک جسمانی کمزوری، دوسرا جلدی بیماری، تیسرا ہڈیوں کی کمزوری۔ اجازت عام ہے۔

چال آتشی مربع

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱

۷۸۶
جبرائیل
یا علی یا علی

۷۶۰	۷۷۴	۷۷۰	۷۶۷
۷۷۱	۷۶۶	۷۶۱	۷۷۳
۷۶۵	۷۶۸	۷۷۶	۷۶۲
۷۷۵	۷۶۳	۷۶۴	۷۶۹

عزرائیل
یا علی یا علی

تصحیح ثاقب ارسل جفر اپریل 2012ء

ماہنامہ آئینہ قسمت اپریل 2012ء کے صفحہ نمبر 33 پر ثاقب ارسل جفر کا جو عمل لگا ہے، اس میں کتابت کی چند غلطیاں رہ گئیں تھیں۔ قارئین سے التماس ہے کہ تصحیح فرمالیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی فَاطِمَةَ وَ اَبِیْھَا وَ بَعْلِھَا وَ بَنِیْھَا وَ سِرِّ الْمُسْتَوْدَعِ فِیْھَا عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِہٖ عِلْمُكَ ٥

ترجمہ: اے اللہ تو درود بھیج فاطمہ پر، ان کے والد پر، ان کے شوہر پر اور ان کے بیٹوں پر اور ان کے راز پر جو بی بی کے سینہ میں ہے، اس تعداد تک جتنا تیرا علم ہے۔



روحانیت وتصوف

از تحریر: قیصر احمد بی۔اے، کراچی

قوتِ ایمانیہ کی مثال

حضرت ابوالحسن نوریؒ دجلہ کے کنارے پر گزر رہے تھے۔ایک کشتی کنارے آ کر لگی، اس میں دس مٹکے تھے۔آپؒ نے دریافت کیا، ان میں کیا ہے؟ معلوم ہوا کہ ان میں شراب بھری ہوئی ہے اور یہ مٹکے خلیفہ کے لیے آئے ہیں۔آپؒ نے لکڑی لے کر مٹکے توڑنے شروع کر دیے۔دس مٹکوں میں سے نو توڑ ڈالے، ایک مٹکہ نہ توڑا چھوڑ دیا۔ اس کی اطلاع خلیفۂ وقت کو دی گئی۔خلیفہ نے آپؒ کو طلب کیا، آپؒ تشریف لے گئے۔اس کے ظلم کی یہ حالت تھی کہ لوہے کی کرسی، لوہے کی میز، لوہے کا قلمدان، لوہے کی قلم، لوہے کی پاشاک، غرضیکہ ہر چیز آہنی اور دل بھی آہنی تھا۔

ابوالحسن نوریؒ سے دریافت کیا کہ آپؒ نے مٹکے توڑے ہیں؟ فرمایا: ہاں میں نے توڑے ہیں۔کہا: کیوں؟ فرمایا: کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں: "وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ" اور اچھے کاموں کی نصیحت کیا کرو اور برے کاموں سے منع کیا کرو۔


خلیفہ نے کہا کہ یہ تو محتسب کے واسطے ہے؟ فرمایا: کہ میں بھی تو محتسب ہوں، کہا کہ سندِ احتساب کی کیا ہے؟ فرمایا: وہی آیت "وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ"۔خلیفہ نے کہا: اب کیا ہوگا؟ فرمایا: اسی آیت میں "وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ"۔اور تجھ پر جو مصیبت واقع ہو اس پر صبر کیا کر، بھی ہے۔

میں اس کے لیے تیار ہوں، جو کچھ بھی گزرے، خلیفہ نے کہا: کہ اچھا بتلائیے: کہ دس مٹکے تھے شراب کے۔تم نے نو توڑ دیے ایک کیوں چھوڑ دیا؟ فرمایا کہ نو مٹکوں تک تو محض اللہ کے واسطے ہاتھ چل رہا تھا، دسویں پر نفس میں خیال آیا کہ ہم بھی ایسے ہیں کہ خلیفہ وقت کے سامنے کلمہ حق بیان کر رہے ہیں، اور نہی عن المنکر پر بڑی دلیری کے ساتھ عمل کر رہے ہیں۔ اس شیطانی خیال اور نفس کی آمیزش سے بچنے کے لیے دسواں نہیں توڑا، اس میں نفس کی آمیزش ہو گئی تھی اور نفس کے واسطے ہم کوئی کام نہیں کرتے، اس پر خلیفہ نے کہا کہ فی الحقیقت آپؒ ہی محتسب ہیں"۔آپ احتساب ہی کا کام ہاتھ میں لیجیے اور آپ کو ہم نے محتسب بنا دیا۔

ایک روز ابن سماک ہارون الرشید عباسی کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ہارون کو پیاس لگی اور اس نے پانی منگوایا، پانی آیا اور ہارون نے پینا چاہا۔ابن سماک نے کہا ذرا ٹھہریے، ہارون رشید ٹھہر گیا تو ابن سماک نے کہا: اگر شدتِ پیاس سے آپ کو پانی نہ ملے تو پیالہ کتنے کا خریدیں گے؟ ہارون رشید نے کہا ضرورت پڑی تو آدھی حکومت دے دوں گا۔ابن سماک نے جواب دیا: اب پی لیجیے، جب ہارون رشید پانی پی چکا تو ابن سماک نے کہا اگر یہ پانی پیٹ کے اندر ہی رہ جائے اور نہ نکلے تو اس کے نکلوانے پر آپ کتنا خرچ کر سکتے ہیں؟ ہارون رشید نے کہا کہ ضرورت پڑی تو آدھی سلطنت دے دوں گا۔ابن سماک نے کہا: بس آپ سمجھ لیجیے کہ آپ کا تمام ملک ایک پیالہ پانی اور پیشاب کی حیثیت رکھتا ہے، آپ کو اس پر زیادہ غرور نہیں کرنا چاہیے۔ہارون یہ سن کر رو پڑا اور دیر تک روتا رہا۔(تاریخ اسلام، ص ۳۱۴، ج ۲)

مانگی روٹی اور ملے چالیس ہزار دینار


منقول ہے کہ ایک دفعہ حضرت ابراہیم ادھمؒ کو بھوک لگی تو انہوں نے ایک شخص کو ایک چیز دی جو اُن کے پاس موجود تھی اور اس سے کہا اس کو گروی رکھ کر کھانے کا انتظام کرو، جب وہ شخص وہ چیز لے کر وہاں سے نکلا تو اچانک اس کو ایک اور شخص ملا جو ایک خچر کے ساتھ چلا آرہا تھا۔اس خچر پر چالیس ہزار دینار لدے ہوئے تھے۔اس نے اس شخص سے حضرت ابراہیم ادھمؒ کے بارے میں پوچھا اور کہا کہ یہ چالیس ہزار دینار ابراہیمؒ کی میراث ہیں۔جو اُن تک اُن کے والد کے مال سے پہنچی ہے۔میں اُن کا غلام ہوں، میراث کا یہ مال میں اُن کی خدمت میں لایا ہوں۔اس کے بعد وہ شخص حضرت ابراہیم ادھمؒ کے پاس پہنچا اور چالیس ہزار دینار اُن کے حوالے کیے۔حضرت ابراہیم بن ادھمؒ نے کہا کہ اگر تم سچ کہتے ہو کہ تم میرے ہی غلام ہو اور یہ مال بھی میرا ہی ہے تو میں تمہیں خدا کی خوشنودی کے لیے آزاد کرتا ہوں اور چالیس ہزار دینار بھی تمہیں بخشتا ہوں۔بس تم اب میرے پاس سے چلے جاؤ۔جب وہ شخص چلا گیا تو حضرت ابراہیم بن ادھمؒ نے کہا کہ "پروردگار! میں نے تیرے سامنے روٹی کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔تو نے مجھے اتنی مقدار میں دنیا دے دی!۔پس قسم ہے تیری ذات کی! اب اگر تو مجھے بھوک سے مار بھی ڈالے گا تو تجھ سے کچھ نہیں مانگوں گا۔(مظاہر حق جدید، 3/142)



از تحریر: غلام قادر بلوچ، کراچی


استخدام مرجانہ

ترکیب: (1) عروج ماہ نوچندی جمعرات سے عمل کیا جائے۔ (2) رضائے الٰہی کی خاطر سات یوم روزہ رکھیں اور خلوت میں رہیں۔ (3) دورانِ چلہ پرہیز جلالی و جمالی رکھیں۔ (4) چلہ کشی کے تمام لوازمات و آداب کو ملحوظِ خاطر رکھیں۔ (5) حصار چاروں قل شریف تین تین بار اور آیت الکرسی گیارہ بار پڑھ کر حصار قائم کریں۔ (6) بخور عود قاقلی، صندل ابیض، لبان ذکر، کزبرہ سلگائیں۔ (7) عمل بعد ہر نماز (77) بار پڑھیں اور اول و آخر 11-11 بار درود شریف پڑھیں۔ (8) مدت عمل سات یوم ہے اور اگر خدانخواستہ سات یوم میں حاضر نہ ہو تو ہرگز عمل ترک نہ کریں۔ مستقل مزاجی سے عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ العزیز اکیس یوم میں ضرور بہ ضرور حاضر خدمت ہوگی۔ (9) دورانِ چلہ کشی مشاہدات کا ظہور ہوگا۔ یہ عمل کے تصرفات ہے، لہٰذا قطعی نہ گھبرائیں اور ماسوائے اپنے پیرو روحانی اُستاد کے کسی سے ذکر نہ کریں۔ (10) اختتامِ چلہ ایک حسین و جمیل عورت خوبصورت لباس زیب تن کیے حاضر ہوگی۔ یہ عہد المیثاق کے ساتھ عہد کرے گی اور خاتم سرخ یاقوت بلورنشانی عطا کرے گی اور خاتم سرخ یاقوت بلورنشانی عطا کرے گی۔ جس کا وزن تین مثاقیل ہوگی۔ پھر جب خاتم سامنے رکھ کر عبارت پڑھو گے تو حاضر ہوگی۔ (11) یہ طلسم لکھ کر سرہانے رکھ کر سویا جائے تاکہ خوف اور ہر قسم کے ایذا سے محفوظ رہو گے۔



عبارت عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللہ المقوسِ طیشِ لمطیسِ أمطیوشِ لموشِ هیدوشِ کمیروشِ قماطیشِ احضری یَا مرجانة بنتِ الأمیر خندش وَ اخدمینی فی کل مّا أردّته منك بحق الیَاقوتة الحمراء وَمَا علیها من النقوشِ والأرقام وَ اطلاسم المسحراتِ وَ بحق ملك الجنّ وَوزیر الشیاطین احضری با تسمع والطاعة وَ بحق ألو بهتدا بربّ هسکپر ستوح سلسیوح مکهتور السمیع لمن دعاہ المجیب لمن نَاداہِ الهَیُور لَیَطهُوَ أن أجیبوا أیّها الأرواح الروحَانیة المخلوقات من نار السموم فتهد أقسمت علیکم أن تَعِینُونِی علك فَلْكَ خرنیُوشِ وَحضور مرجَانة بنت الأمیر خندش لی بالطاعَـة لقد أقسمت بالربّ الکریم العظیم الوحَا الوحَاہ



کراماتِ جفر حصولِ انعام و تسخیر مؤکل کے صدری اعمال

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ

اس مرتبہ بھی قارئین آئینہ قسمت کے لیے حصولِ انعام کا خاص الخاص عمل پیش کر رہا ہوں۔ جو شخص مسلسل انعامی اسکیموں میں ناکام ہو رہا ہو اور حامی و پریشانیوں میں مبتلا ہو اور کوئی حل نظر نہ آ رہا ہو تو پھر آپ کو اب پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس عمل کی برکت سے پرائز بانڈ کے فسٹ سیکنڈ نمبر افریقہ، انگلینڈ، امریکہ، دبئی، سعودی عرب، تھائی لینڈ اور ٹی وی پر ہونے والی لاٹریاں اور روزمرہ ہونے والی ملکی و غیر ملکی انعامی اسکیموں میں کامیابی کے لیے اور درست نمبر حاصل کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔ کیونکہ گذشتہ کئی سالوں سے میں نے لوگوں کے لیے کئی حصولِ انعام کے عملیات تیار کر کے دیے ہیں اور بے شمار لوگ فیض حاصل کر رہے ہیں۔ لیکن ایک بات یہاں وضاحت کر دوں انعام لگنے کے بعد کوئی کاروبار کر لیں ورنہ نقصان ہوگا۔ کیونکہ دوسری دفعہ روحانی مخلوق انعام اٹھانے نہیں دیتی یہ میرا تجربہ ہے۔ اس لیے میں ہر بار لکھتا آیا ہوں کہ صرف ایک دفعہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ آپ کو پتہ ہی ہوگا کہ لالچی اور حاسد ناکام ہی رہتا ہے۔ بہرحال عقل مند کے لیے اشارہ کافی ہے۔

عمل کا طریقہ کچھ یوں ہے کہ نوچندی جمعرات کو ساعت مشتری کے سعد وقت میں جب قمر در عقرب نہ ہو، میں شروع کر دیں۔ علیحدہ جگہ ہونی چاہیے جہاں خوشبودار بخور جلائیں اور رجال الغیب پشت پر ہوں۔ پھر سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے درج ذیل طلسم انعامی لکھیں۔ اگر غلط طریقے سے طلسم لکھا تو اُلٹا نقصان ہوگا اور مالی مزید خرابی ہوگی۔ پھر تین سو تیرہ روپے کی مٹھائی جو عمل سے پہلے موجود ہو اور حضرت علیؑ کی نیاز دلوائیں اور بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اسی طرح لگاتار 9 روز کرتا ہے، سارا کام احتیاط سے کریں، ورنہ کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ پھر جب انعامی اسکیموں کے نمبر کی ضرورت ہو تو رات کو سونے سے پہلے بعد از نمازِ عشاء طلسم انعامی اپنی جیب میں رکھیں اور وظیفہ 350 مرتبہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور دعا کر کے سو جائیں۔ انشاء اللہ تین تا چھ روز میں درست اور واضح نمبر ملے گا اور یاد بھی صبح ہونے تک رہے گا۔ یہ نمبر خرید کر رکھ لیں اور کسی کو ہرگز نہ بتائیں، ورنہ نقصان ہوگا۔ یہ زندگی میں عمل صرف ایک بار فائدہ دے گا۔ دورانِ عمل پرہیز جمالی کرنا ہے۔ یہ عمل پہلی دفعہ آئینہ قسمت میں شائع ہو رہا ہے اور دنیا کی کتاب میں نہ ملے گا۔ یہ عمل میری زیرِ طبع کتاب "تسخیر الارواح و حصولِ انعام (حصہ اول)" سے لیا گیا ہے۔ اگر خود تیار نہ کر سکیں تو مجھ سے رابطہ کر لیں۔ عبارتِ عمل یہ ہے:

عزمت علیکم یا دردائیل بحق یا بدوح یا علیم یا خبیر فسٹ، سیکنڈ نمبر بتائو بحق لا اِلٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ العجل الساعۃ الوحا۔

عطلب عطلب مقلوھفلو مقلھفلو مقلھفلو
ہہہ طسح یا بدوح یا بدوح یا بدح
اجب یا جیوش بہروش یا بدوح یا بدوح یا بدوح
فسٹ، سیکنڈ نمبر بتاؤ بحق یا بدوح العجل الساعۃ الوحا

تسخیر مؤکل کا صدری عمل

شائقین تسخیر مؤکل کے لیے ایک صدری و اسراری عمل تحریر کر رہا ہوں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ علیحدہ، پاک و صاف جگہ پر جہاں کوئی دوسرا شخص موجود نہ ہو پڑھیں، پھر رجال الغیب پشت پر رکھ کر "خصوصی حصار" سے اپنے اردگرد کا حصار کر لیں۔ اب عبارت عمل 3125 مرتبہ 41 روز تک پڑھیں۔ 41 ویں رات مؤکل حاضر ہوگا، پہلے عامل اپنی پڑھائی کی تعداد مکمل کرے پھر مؤکل سے کہے کہ میں ہر جائز مؤکل اپنے حاضر ہونے کا طریقہ بتائے گا جب بھی مشکل پیش آئے تو مؤکل حاضر کر کے آپ اپنے مسئلہ کا حل دریافت کر سکتے ہیں اور اپنے ہر مشکل سے مشکل کام کے لیے مؤکل کو حاضر کریں۔ یہ فی الفور ہو کہ آپ کی مشکل جو بھی ہوگی جلد از جلد حل کر دے گا۔ یہ بات یاد رکھیں کہ یہ مؤکل دنیا کا ہر کام منٹوں میں کرنے کی طاقت رکھتا ہے، لیکن عمل اجازت ضرور حاصل کریں، ورنہ رجعت و ناکامی ہوگی۔ یہ بڑی جلالی روحانی طاقت والا عمل ہے، احتیاط سے کرتا ہے، بے استادہ ہمیشہ ناکام رہتا ہے۔ عمل میں کامیابی کے بعد حضرت امام حسینؑ کی دس کلو مٹھائی پر نیاز دیں اور بچوں میں تقسیم کر دیں۔

نوٹ: دورانِ عمل اگربتیاں گیارہ عدد سلگائیں اور پرہیز جمالی کرنا ہوگا۔ عبارتِ عمل یہ ہے:

اللہ الصمد اجب یا اسرافیل یا دردائیل

از تحریر: اسرار جاوید فیصل آباد



دولت حاصل کرنے کا آسان طریقہ

یہ عمل تحفہ خاص ہے اُن لوگوں کے لیے جو چاہتے ہیں اُن کا پرائز بانڈ فرسٹ سیکنڈ آئے۔ جو لوگ پاکستان سے باہر جانا چاہتے ہیں، جو لوگ نوکری کی تلاش میں ہیں، وہ کاروباری حضرات جو چاہتے ہوں اُن کا کاروبار بڑھ جائے وہ لوگ اس عمل کو ضرور کریں۔ پرائز بانڈ والے خاص طور پر یہ عمل کریں، انشاء اللہ فرسٹ یا سیکنڈ پرائز بانڈ ضرور آئے گا۔ اس عمل میں کامیابی کی گارنٹی 30 دن کے اندر ہے، جو عمل کرے گا وہ ضرور پھل پائے گا۔

عمل: ایک عدد تخم (سرخ ارنڈ) کا حاصل کریں۔ اسی تخم کو کالے رنگ کے کپڑے میں باندھ کر اپنے بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ 30 دن کے اندر اندر پرائز بانڈ لگے گا یا جس کام کے لیے کریں گے، ضرور ہوگا۔ یاد رکھیں سرخ ارنڈ ایک نایاب پودا ہے، اس کا تخم پنساری سے نہیں ملے گا کسی پرانے درختوں کے جنگل میں سرخ ارنڈ مل سکتا ہے، سبز پتوں والے ارنڈ اور سرخ ارنڈ میں صرف پتوں کے رنگ کا فرق ہوتا ہے۔ اس عمل میں سرخ ارنڈ ہی کام کرے گا۔ انشاء اللہ پرائز بانڈ لگے گا۔ اگر کاروبار کے لیے کریں گے تو 30 دن میں ضرور فرق نظر آئے گا، جو دوست پاکستان سے باہر جانا چاہتے ہیں اُن کو چاہیے پہلے وہ ویزہ کے لیے درخواست دیں پھر کریں اور جاب کے لیے کرنے والے انٹرویو سے پہلے یہ عمل کریں، انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔



ہمزاد اور جنات کی حاضری



یہ انتہائی آسان عمل ایک عامل کا دیا ہوا تحفہ ہے۔ جو آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ میں پہلے یہ عرض کر دوں اس عمل میں ہمزاد اور جنات کی حاضری ہوتی ہے جس طرح کا بھی کام ہوا ہو جاتا ہے مگر اس عمل میں تسخیر نہیں ہوگی۔ آپ کا ہر کام ہو جائے گا، 100% فیصد گارنٹی ہے۔

عمل: (تالماشی) بوٹی کے پتے حاصل کریں۔ ان کو سایہ میں خشک کر لیں اور پیس لیں۔ جب بھی حاضری کی ضرورت ہو کوئی کام کروانا ہو کسی تنہائی والی جگہ پر کسی برتن میں کوئلے دہکا کر حصار کر کے بیٹھ جائیں۔

تالماشی بوٹی تھوڑی کر کے کوئلوں کے اوپر ڈالیں۔ جناب آپ کے حصار کے اردگرد بیٹھ جائیں گے۔ انہیں میں آپ کا ہمشکل آپ کا ہمزاد بھی ہوگا، جو کام بھی کہیں گے، اُسی وقت کر دے گا۔ مگر نا ہی ہمزاد تسخیر ہوگا اور نہ ہی جنات تسخیر ہوں گے۔ دوبارہ حاضری کے لیے اوپر دیے گئے طریقے پر عمل کریں۔

مزید یہ بات یاد رکھیں تالماشی بوٹی کے تازہ پتے لا کر خشک کریں۔



از تحریر: سید علی حسین شاہ تقوی ،ہارون آ

تسخیر شفقت پری بنت قیقطوش

یہ عمل خاص طور پر نمازی خواتین کے لیے پیش کیا جارہا ہے۔ہاں اگر کوئی مرد بھی کرے تو مضائقہ نہیں ہے یہ عمل جمالی اور جلالی دونوں طریقوں سے پروان چڑھتا ہے اور یہاں پر دونوں طریقوں کا ذکر کیا ہے۔ یہ عمل ہمارا خاندانی عمل ہے مجھ سے پہلے میری امی جان اس عمل کی عاملہ تھیں۔ اجازتی عمل ہے تجربہ شرط ہے محنت ضروری ہے۔اس پری کو اپنے تابع کرنے کے لیے 7 دن کی ریاضت بہت ضروری ہے۔عمل کو بعد از نماز عشاء تنہائی وخلوت میں حصار خصوصی کے ساتھ پڑھے۔ دورانِ عمل اجوائن، خشک دھنیہ اور گوگل کا بخور روشن کریں۔عبارت عمل کو 721 مرتبہ سات دن تک پڑھیں۔ دورانِ عمل خوبصورت مناظر نظر آئیں گے،ان کو سینے میں ہی دفن کرلیں۔ساتویں رات جب آپ پڑھائی کر رہے ہوں گے تو آپ کا کمرہ پرستان سے بھر جائے گا اور ختم از پڑھائی شفقت پری ہاتھ جوڑ کر تابع داری کا اقرار کرے گی۔زندہ وجاوید عمل ہے، جس کا دل چاہے تجربہ کر سکتا ہے، لیکن اجازت لے کر شروع کریں۔ اجازت مجھ حقیر یا شاہ صاحب کو خط لکھ کر لے سکتے ہیں، انشاءاللہ مکمل رہنمائی کی جائے گی۔

عبارتِ عمل (جلالی):

عزمت علیکم بِرَبِّ اَجَابَتْ عِیْسٰی ابن مریَم وَ اَیَّدْنَاہ بروح القدس یا بنات الجنات احضرو یا شفقت پری قیقطوش بحق خاتم سلمان بن داؤد علیہ السلام الذی سخر لہٗ الرِیَاحَ وَالجِنْ وَالْپَرِستَانِ سَرِیْعًا سَرِیْعًا سَرِیْعًا.

عبارتِ عمل (جمالی):

سَلْغُوْثًا یَا مَغُوْثًا یا شَفْقَتِ پَری بنتِ قیقطوش اُحضرو اُحضرو اُحضرو بحق شَیْغُوْشًا وَیَا شَمُوْشًا و بحق حضرت سلمان بن داؤد علیہ السلام۔

جادو کا پتہ لگانا

معزز شائقین یہ عمل آج کل ہر شخص کی ضرورت بن چکی ہے۔حاسدین اپنے مخالفین پر سفلی اعمال سے جادو کروا دیتے ہیں جس کے بدلے میں مخالفین حضرات بہت سخت بیماری، آسیب، گھریلو رکاوٹ و کاروباری بندش جیسے مسائل سے کھیلتے ہیں۔ چونکہ یہ عمل ابھی بھی میرے معمولات میں شامل ہے۔ اس لیے اس عمل کی خوبیاں تحریر سے باہر ہیں۔ سب سے پہلے اس حاضرات کے عمل کی زکوٰۃ دی جائے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی عشرے کے کسی بھی دن سے عبارت عمل کو 2100 مرتبہ 21 دن تک پڑھیں اور جب عامل ہو گئے تو پاؤ برفی پر شاہ بکتانوش ہمہ مؤکلات نیاز دلا کر برفی نہر میں بہا دیں۔ اُس کے بعد کسی مریض پر بھی یہ پتہ کرنا ہو کہ کیا کیا ہے؟ تو مریض سے کہیں کہ وہ بغیر لکیر کے صاف صفحوں پر مشتمل کاپی رات کو اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو لے۔ صبح اُس کاپی کو کھولیں اور جو بھی صاف ورق ہو لے لیں اور اُس ورق پر 21 مرتبہ عبارت پڑھ کر پھونک ماریں، عامل اور مریض دونوں کو تمام احوال بمثل فلم نظر آئیں گے۔ اس عمل کی اجازت بھی ضروری ہے۔ میری تمام قارئین سے گزارش ہے کہ وہ اس عمل کی جتنی قدر کریں، اُتنا ہی کم ہے کیونکہ یہ حاضرات دنیا میں کسی عامل کے پاس نہیں ہے۔

عبارتِ عمل:

اَجِبْ دَعوتی یا بدوح یَا شاہ بکتانوش اُحضرو وَہمہ مؤکلات و حاضرات و مخفیات بتوسطِ پیغمبران از آدم علیہ السلام تا خاتمن النبیینﷺ اَنْ تَقْفِی حَاجَاتِی یا بدوحائیل یا کمسفائیل. رتحضائیل بحق کن کُنْ فَیَکُوْنْ.



عملیات برائے حاجت روائی

از تحریر: ایم کاشف ۔ فیصل آباد

معزز قارئین! سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب کی بے مثال محبت اور شفقت کی بنا پر پہلی بار بندہ ناچیز قارئین کے لیے کچھ تحریر کر رہا ہے۔ اگر آپ لوگو نے بندہ ناچیز کی حوصلہ افزائی کی تو بندہ ناچیز مزید کچھ لکھ سکے گا۔ معزز قارئین جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ رب کریم سب سے بڑا حاجت روا ہے۔ رب کریم ہی سب انسانوں کی ہر حاجت اور ہر تمنا کو پورا کرتا ہے۔ اس نے اپنی پاک کتاب قرآن پاک میں بے شمار مواقع پر یہ فرمایا کہ میں سب سے بڑا حاجت روا ہوں۔ اگر ہم لوگ کامل یقین کے ساتھ اس ذات کریم سے اپنی حاجت طلب کریں تو وہ ضرور ہماری حاجت کو پورا کرتا ہے۔ رب کریم تو بار بار فرماتا ہے کہ بندے تو پختہ ایمان اور کامل یقین سے مانگ کر تو دیکھ، میں عطا کی حد نہ کر دوں تو کہنا۔

بندہ ناچیز معزز قارئین! آئینہ قسمت کے لیے حاجت روائی کے چند عملیات پیش کرتا ہوں۔

(1) جو شخص پاک جگہ پر بیٹھ کر ایک نشست میں 41 بار سورۃ واقعہ پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا کریں، اس کی حاجت پوری ہوگی۔

(2) پہلے دو رکعت نفل نماز برائے حاجت پڑھ کر قبلہ رُخ ہو کر گھٹنوں کے بل بیٹھ کر 152 بار سورۃ الم نشرح پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا کریں۔

(3) سورۃ فاطر قبلہ رُخ ہو کر 75 بار ایک نشست میں مکمل کریں اور اپنی حاجت کی دعا کریں۔

(4) اگر سورۃ نمل کو روز 1 بار پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا کریں تو حاجت پوری ہو یہ عمل 7 دن بلاناغہ کریں۔

(5) سورۃ والصّٰفّٰت ایک نشست میں 7 بار پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا کریں، حاجت پوری ہو۔

یہ تمام عملیات کرنے سے پہلے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔ جو عمل کرنا ہو آپ کا رخ قبلہ کی طرف ہو، حاجت پوری ہونے پر حسب توفیق پنجتن پاک کی نیاز ضرور دیں۔ بندہ ناچیز اور جانشین خاندانِ زنجانیہ کے لیے دعائے خیر کریں۔



رحمکاریہ جفر امراضِ معدہ

از تحریر: سیّد شعیب الرحمٰن شاہ، کاکاخیل


زہرہ چلتے چلتے جب برج جوزا کے 22 درجے پر پہنچتا ہے تو اس کو اوج کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ اس سال 2 مئی سے 5 مئی رات 9:43 منٹ تک رہے گی۔ امراضِ معدہ چاہے کسی قسم کا ہو یا سحر جادو کے زور سے معدہ کے امراض مسلط کیے گئے تو ان کے لیے یہ آیت سورۃ آلِ عمران کی 73-74 قُل اِنَّ الفضل ..... عظیم ۔ تک۔ یہ 40 پرچیوں پر مشک و زعفران کو آبِ زم زم میں ڈال کر سیاہی بنائیں۔ پھر روزانہ ایک پچی پانی میں ڈال کر پئیں۔ اللہ پاک بے پناہ برکات عطا فرمائے اور ایک چاندی کی پلیٹ پر سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 81 کندہ کر کے بحق حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام فلاں بن فلاں کا امراض معدہ ختم ہو اور 60 پرچیوں پر شیطانوں کے نام جو یہ ہیں:

شیطان۔ ابلیس۔ ابوجھل۔ نمرود پر جوتا پڑے

60 پرچیوں پر لکھ کر روزانہ ایک پرچی جلایا کریں۔ اس کی برکت سے سحر جادو بھی دفع ہو گی۔ اگر آسیب کی وجہ سے معدہ میں یہ چیز اثر انداز ہے تو سورۃ النساء کی آیت نمبر 113 چاندی کی پلیٹ پر کندہ کر کے گلے میں ڈالیں اور ایک کلو سونف لے کر اس پر سورۃ المومن کی آیت نمبر 44 کو 1300 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اول و آخر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کا ثواب پنجتن پاک علیہ السلام چودہ معصومین علیہ السلام کو بخشتا ہے۔ اللہ پاک بہت برکات دے گا، پھر اسم اعظم مخفی اللہ للہ لہٗ ھُو بحق الوکیل الفتاح (450) مرتبہ پڑھیں۔ ایک طلسم نجات امراض معدہ لکھ دیتا ہوں۔ اس کو چاندی کی پلیٹ پر جو خالص ہو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔

3	ق	یوم	مالك
ملك	۵۷	۹۹	واحد
۱۰۲	۲۰	۸۹	۵۶
حسبنا الله ونعم الوكيل	۸۸	۲۱	مهون

ال ل ہ ا ل ل ہ ل ل ل ل ل



ابجد نجوم

از تحریر: سیّد مبشر علی رضوی، ملتان

پیدائشی زائچے سے سالانہ زائچے کی خصوصیات

پیدائشی اور سالانہ چارٹ کے درمیانی تعلق کے تجربہ سے ورش پھل (Solar Return) کے نتائج نکالے جاتے ہیں۔ اچھے گھر اس میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ اگر پیدائشی زائچے کا لگن ورش پھل میں مخالف سمت میں ہو تو وہ سال صاحب زائچہ کے لیے اچھا نہیں ہوگا۔ اگر پیدائشی زائچہ کا 6، 7 اور 12 گھر ورش پھل کے پہلے گھر میں گرے تو وہ سال صاحب زائچہ کے لیے بدقسمتی اور ناخوشی رہے گی۔ اگر اس کا حاکم پیدائش کے ٹائم پر نحس گھر میں ہو یا نحس ہو تو اس پر مزید کچھ لکھا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر ورش پھل کا پہلا گھر اچھا نہیں ہو اور پیدائشی زائچہ کا (Midheaven) یعنی دسواں گھر صاحب زائچہ کے لیے اچھا نہ ہو تو صاحب زائچہ کے لیے خطرہ اور کیریئر کو نقصان ہوتا ہے اور ایک اہم بات اگر لگن آتشی یا بادی ہو تو اس نقصان کا ذمہ دار خود صاحب زائچہ ہوگا۔ جیسا کہ وہ کوئی نیا کام شروع کرتا ہے، اس میں نقصان کر دے گا۔ اگر لگن خاکی یا آبی ہو اس سے صاحب زائچہ بہت زیادہ ضدی اور ہٹ دھرم اور بدتمیزی وغیرہ کا عنصر غالب ہوگا۔ اگر ایک شخص کی عمر 40 سے 50 سال تک کی ہو اور اس کے پیدائشی زائچہ اور ورش پھل کا لگن ایک دوسرے کے مخالف سمت میں ہوں اور آپس میں دوستی بھی نہ رکھتے ہوں۔ تو ایسے شخص کی توانائی میں کمی کے ساتھ ساتھ اس کا روزگار بھی متاثر ہوگا۔ مطلب اس کی صحت کی خرابی کی وجہ سے اس کی ساری کارکردگی خراب ثابت ہوگی۔ مثال کے طور پر اگر پیدائشی لگن برج حمل ہو اور ورش پھل میں لگن میزان آجائے یا ورش پھل میں طالع پیدائش خانہ ہائے اوتاد سے آئے۔ پیدائشی اور سالانہ زائچے کے اثرات جو بنتے ہیں۔ پیدائشی زائچے کے گھر کے اثرات سے کم اثرات رکھتا ہے۔ اس لیے بنیادی وجہ پیدائشی زائچہ کے سیاروں پر ہونی چاہیے اور اس کے نتیجہ میں جو سیاروں کی نظرات بنتی ہیں، ان پر توجہ ہو۔ شمس کا دوبارہ پیدائشی زائچہ کی جگہ پر آنا ورش پھل کا زائچہ تشکیل پاتا ہے۔ 1، 4، 7، 10 گھر بہت زیادہ اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ باقی گھروں کی نسبت اگر پیدائش کا تیسرا گھر اور سالانہ کا پہلا گھر ہو اور پیدائش کا 11 گھر اور سالانہ کا 10 گھر ہو اور پیدائش کا پہلا اور سالانہ کا 11 گھر یا پیدائش کا 10 اور سالانہ کا 7 گھر ہو۔ یہ انسان کی زندگی میں اہم واقعات رونما ہوتے ہیں۔ ان پر آگے تفصیل سے بیان کر دیا جائے گا۔

پیدائشی زائچہ میں جو سیارے ہوتے ہیں، ورش پھل میں ان کی پوزیشن مکمل طور پر تبدیل ہوتی ہے۔ اس میں ورش پھل کے پہلے گھر کو بڑی اہمیت دی جاتی ہے جیسا کہ پیدائشی زائچہ میں لگن کو حاصل ہے۔ اگر پیدائشی لگن سے ورش پھل کا لگن اچھا نہ آئے تو اچھا نہیں ہوگا۔ اس کے اثرات پیدائشی زائچے کے اندر بیٹھے ہوئے سیارے کے مطابق بھی دیکھے جائیں گے۔ ورش پھل سے پیش گوئی کا طریقہ یہ ہے:

پہلا اصول پیدائشی زائچے کا جو گھر میں آجائے گا وہ اس سال کی خبر دے گا۔ وہ پورے سال کے حالات اور خصوصیات کو ظاہر کرے گا، اگر ورش پھل کا پہلا گھر صاحب زائچہ کو ظاہر کرے گا تو جو پیدائشی زائچہ کا گھر ہوگا، وہ بھی اس کی حالت پر اثر ڈالے گا۔ اگر پیدائشی زائچے کے کیندر اور مول ترکون کے گھر ورش پھل میں ایک جیسے ہوں یعنی آپس میں ملیں تو صاحب زائچہ کے حالات اچھے ہوں گے، یعنی سال اچھا ہوگا۔ اسی طرح پیدائش کا پہلا گھر ورش پھل کے پہلے میں گرے تو اچھا ہے۔ لیکن اگر پیدائش کا 10 گھر ورش پھل کے پہلے میں گرے تو اس کے اثرات مختلف بیان ہوں گے۔ اگر پیدائشی زائچہ کے 12 گھر سالانہ زائچہ کے پہلے گھر میں گرے تو اس کے کیا اثرات ظاہر ہوں گے۔ اس پر تفصیلی بحث کریں گے۔

(1) اگر پیدائش کا پہلا گھر ورش پھل کے لگن میں آئے

اس سال صاحب زائچہ کے آزادانہ خیالات ہوں گے۔ صاحب زائچہ اپنے پیدائشی زائچہ کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائے گا۔ وہ اپنی مرضی سے کام کرے گا۔ مطلب اس کا ذہن جو سوچے گا وہ وہی کرے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ پہلے گھر کا بروج مکمل آگاہی دے گا جو اس برج سے متعلقہ ہوگی۔ صاحب زائچہ اپنی سوچ کو وہی رکھتا ہے جہاں وہ خود سوچے گا۔ اس میں کمی بیشی پہلے گھر کے حاکم کی بدولت ہوگی۔ اس سارے کو پڑھ کر احتیاط سے حکم لگانا ہوگا۔ وہ صاحب زائچہ کی کام کی فطری نوعیت کو ظاہر کرے گا۔ اس کے کام کی اچھائی یا برائی کو بھی ظاہر کرے گا۔ اگر سیارہ کا پہلے کے برج سے تعلق نہ ہو تو صاحب زائچہ